۱۔ حضرت علامہ مجلسی رحمتہ اللہ علیہ اور بعض دیگر علماء نے بھی یہ تحریر کیا ہے کہ بروز جمعہ نماز صبح سے پہلے غسل کر کے نماز صبح اور تسبیح جناب سیدہ صلوٰت اللہ علیہا کے بعد ایک سو مرتبہ **الحمدللہ رب العالمین علی کل حال** کہے اور سو مرتبہ صلوٰت پڑھے۔ شرط یہ ہے کہ اس دوران کسی اور طرف متوجہ نہ ہو کسی سے بات نہ کرے خالصتاً اسی ورد کی طرف متوجہ ہو بعدازاں اکتالیس مرتبہ سورۃ الحمد پڑھے جس میں غلطی کی گنجائش نہ ہو۔ اس تمام قرات کے بعد تیرہ مرتبہ اس دعا کو **یَامُفَتِّحُ فَتِّحْ، یَامُفَرِّجُ فَرِّجْ، یَامُسَبِّبُ سَبِّبْ، یَامُیَسِّرُ یَسِّرْ، یَامُسَهِّلُ سَهِّلْ، یَامُدَبِّرُ دَبِّرْ، یَامُتَمِّمُ تَمِّمْ، بِرَحْمَتِکَ یَا اَرْحَمَ الرّٰحِمِیْنَ** بلا فصل اکتالیس روز اکتالیس بار اس عمل کو دہرائے جگہ نہ بدلی ہو عدد کم و بیش نہ ہوں۔ فرماتے ہیں بفضلہ تعالیٰ پہلے ہی ہفتہ میں مطالب و مقاصد میں آسانیاں پیدا ہونا شروع ہو جائیں گی۔ دولت عظیم ملے گی۔ فرماتے ہیں مطالب پورے ہو جانے پر اس عمل کو ادھورا نہ چھوڑیں۔ اکتالیس دن پورے کرنے چاہئیں۔ بعض نسخوں میں مرقوم ہے کہ بسملہ کو الحمدللہ کی لام کے ساتھ ملا کر "بسم اللہ الرحمٰن الرحیم الحمدللہ" پڑھنا زیادہ موزوں ہے اور بعض کتابوں میں بلا شرط و قید تحریر ہے۔ انشاء اللہ

اکتالیس روز اسی ترتیب سے مکمل کرنے پر اللہ تبارک و تعالیٰ اسے غنی کردے گا۔ اس کا قرض اپنے کرم خاص سے ادا فرما دے گا۔

۲۔ جو کوئی ہر روز سورۂ فاتحہ کو ایک سو مرتبہ درج ذیل طریقہ پر پڑھے تو اس کے تمام جزئی و کلی حوائج کو اللہ تبارک و تعالیٰ پورے فرما دے گا۔ اور نماز صبح کے بعد اکیس مرتبہ نماز ظہر کے بعد بائیس مرتبہ' نماز عصر کے بعد تیئیس مرتبہ' نماز مغرب کے بعد چوبیس مرتبہ اور نماز عشاء کے بعد دس مرتبہ تلاوت کرے اگر پہلے ہفتہ میں مراد پوری نہ ہو تو دوسرا ہفتہ مکمل کرے تاکہ غلطی کا ازالہ ہو سکے۔ مجرب ہے۔

۳۔ بعض کتابوں میں درج ہے کہ اس کی ابتدا جمعرات کو کرنی چاہئے اور دو جگہ پر اپنی حاجت' مطلب و مقصد طلب کرنا چاہئے۔ **الرحمن الرحیم** اور **ایاک نعبد و ایاک نستعین** کے دوران اپنی حاجت طلب کریں۔

۴۔ بعض مشائخ سے منقول ہے کہ ظالم بادشاہ کے خوف سے نجات پانے کے لئے پندرہ بار **یامالک یوم الدین وایاک نستعین** کہیں تو پڑھنے والے کو وہ شخص کوئی نقصان نہیں پہنچا سکے گا۔ راستہ بھٹکنے والا' راستہ میں مصیبت میں پھنس جانے والا بھی اس طرح عمل کرے تو خلاصی پائے گا۔

* * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * *

## آیتہ الکرسی کا عمل

کتب معتبرہ میں علماء شیعہ سے وارد ہے کہ آیتہ الکرسی کے دس وقف ہیں اور جو کوئی پڑھتے وقت ان دس وقوف پر عمل کرے اور بعد میں جو بھی دعا

کرے گا مستجاب ہو گی۔ اور اس کا طریقہ اس طرح ہے کہ آیتہ الکرسی کو دائیں ہاتھ کی چھوٹی انگلی سے شروع کرے اور ہر وقف پر انگلیوں کو بند کرتا جائے۔ حتیٰ کہ آخری وقف بائیں ہاتھ کے انگوٹھے پر ختم ہو اور پڑھتے ہوئے دو عین کے درمیان (یشفع عندہ) اپنی حاجت طلب کرے۔ اور درمیان دو میم (یعلم مابین) دفع شر کی دعا کرے۔ اور جب دس وقف ختم ہو جائیں تو تین مرتبہ سورہ الم نشرح اور تین مرتبہ سورہ قل ھواللہ احد پڑھے اور تین مرتبہ صلوٰۃ پڑھے۔ پھر اپنے سر کو آسمان کی طرف بلند کرے اور اپنی حاجت طلب کرے۔ اس کے بعد دس مرتبہ سورہ الحمد کی تلاوت کرے اور ہر مرتبہ سورہ الحمد کے اختتام پر انگلیوں کو کھولتا جائے۔ انگلیوں کے کھولنے کا طریقہ بند کرنے کے طریقہ سے الٹ ہو گا۔ یعنی بائیں ہاتھ کے انگوٹھے سے شروع کرے دائیں ہاتھ کی چھوٹی انگلی پر ختم کرے۔ پوری انگلیاں کھولنے کے بعد آسمان کی طرف نظر کرے اور اپنی حاجت طلب کرے۔ اکثر کتب میں وارد ہے کہ اس عمل کو چالیس روز کرنے سے مراد کا پورا ہونا یقینی ہے۔

آیتہ الکرسی کے دس وقف درج ذیل ہیں :

(۱) اللہ لا الہ الا ھو (۲) الحی القیوم

(۳) لا تاخذہ سنۃ ولا نوم (۴) لہ مافی السموت و ما فی الارض

(۵) من ذالذی یشفع عندہ الا باذنہ (۶) یعلم مابین ایدیھم

(۷) وما خلفھم ولا یحیطون بشئی من علمہ الا بما شاء

(۸) وسع کرسیہ السموت والارض (۹) ولا یئودہ حفظھما

(۱۰) وھو العلی العظیم ○

بعض کتب میں وارد ہے کہ جب وقف ششم پر پہنچے تو وما خلفھم کے

بعد آسمان کی طرف نظر کرے اور یہ بھی مروی ہے کہ جو بھی حاجت رکھتا ہو اس عمل سے پہلے اس حاجت کی نیت سے غسل کرے اور آیۃ الکرسی مذکورہ طریقہ سے پڑھے اور درمیان میں دو بین کے (یشفع عنده) دعا خیر طلب کرے۔ انشاء اللہ وہ دعا ضرور قبول ہو گی اور اگر دشمن رکھتا ہو گا تو اس سے نجات ملے گی۔ عمل کرنے والے کا دشمن مغلوب ہو گا۔ لکھا ہے کہ یہ عمل جملہ مجربات میں سے ایک ہے۔ بزرگان دین سے روایت ہے کہ اگر کوئی اس عمل کو اپنے نام کے اعداد کے برابر کرے گا فتوحات کے دروازے اس پر کھل جائیں گے عظیم سعادت نصیب ہو گی۔ فقر و فاقہ دور ہو جائے گا۔

Najafi Cassette Library
Book Section
Bait-ul-Sajjad
Opp: Nishter Park,
Soldier Bazar. Karachi

بعض کتب میں وارد ہے کہ اگر کوئی چاہتا ہو کہ اس کی مراد جلد پوری ہو تو وہ صحرا میں چلا جائے جس جگہ پر کوئی اور آدمی نہ ہو اور اپنے اردگرد ایک لکیر کھینچ لے اس لکیر کے اندر روبقبلہ بیٹھ جائے اور ستر مرتبہ آیۃ الکرسی **ھوالعلی العظیم** تک پڑھے انشاء اللہ اسی روز اس کی مراد پوری ہو گی۔ کتابوں میں موجود ہے کہ اس عمل کی قبولیت اور دعا کے جلدی کے مستجاب ہونے میں کوئی شک و ریب نہیں ہے۔

* * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * *

## سورۂ انعام مبارکہ کے خواص

مروی ہے کہ جو کوئی چاہتا ہو کہ اس کے رزق میں اضافہ ہو اور اس کی مرادیں پوری ہوں تو وہ شب جمعرات یا روز جمعہ روبقبلہ بیٹھے سب سے پہلے سورۂ فاتحہ کی تلاوت کرے پھر سورہ انعام کو پڑھنا شروع کرے اور جب **ماواتی وسل اللہ** پر پہنچے تو بلافاصلہ دو رکعت نماز پڑھے اور ہر رکعت۔ الحمد کے. سات با

آیتہ الکرسی اور سات بار **انا اعطیناک الکوثر** پڑھے۔ جب نماز سے فارغ ہو تو اسی طرح روبقبلہ بیٹھے اور سورۃ انعام کی ابتدا اب **اللہ اعلم حیث یجعل** سے شروع کر کے آخر سورہ تک پڑھے۔ بعد میں اپنے سر کو سجدے میں رکھے اور ستر مرتبہ **لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ** کہے انشاء اللہ جو بھی حاجت رکھتا ہو گا فوری طور پوری ہو گی۔

* * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * *

# سورۃ مومنون کے خواص

جو شخص عظیم مشکل اور خطرناک پریشانیوں میں گھر چکا ہو اور ہر طرح کی کوشش ناکام ہو چکی ہو۔ پریشانیوں سے عاجز آچکا ہو۔ تو وہ سورہ مومنوں کی ایک سو چالیس بار بر سبیل اتصال تلاوت کرے۔ کھانے پینے کی اشیاء سے عمل کے دوران پرہیز کرے بعد میں دو رکعت نماز حاجت پڑھے۔ ابھی نماز سے فارغ نہ ہوا ہو گا کہ وہ پریشانیوں سے چھٹکارا حاصل کر چکا ہو گا اور کوئی بھی مکروہ چیز اور پریشانی اس کے نزدیک نہیں پھٹکے گی۔

* * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * *

# سورۃ بنی اسرائیل کے خواص

سورہ بنی اسرائیل کو سات مرتبہ بلافاصلہ پڑھنے سے ہر مصیبت، مشکل اور پریشانی دور ہو جاتی ہے۔

* * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * *

# سورہ طٰہٰ کے خواص

جو چاہے کہ اس کا رزق وسیع ہو اور جہاں سے گمان نہ ہو رزق وہاں سے ملے۔ لوگوں کے دل اس کے لئے نرم ہو جائیں اور وہ دشمنوں پر غالب آئے تو وہ ایک مرتبہ صبح صادق کے طلوع ہونے کے وقت سورہ طٰہٰ کی تلاوت کرے۔

* * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * *

# سورہ مبارکہ یٰس کے خواص

پس ہر ایک مشکل کے دور اور ضرورت کے پورا ہونے کے لئے سورہ یٰس کا یوں عمل کرے قضاء حاجت اور دعا کی قبولیت کی نیت سے وضو کرے اور روبقبلہ ہو کر خشوع و خضوع کے ساتھ تلاوت قرآن کرے سب سے پہلے سو بار صلوٰۃ پڑھے اور پھر سورہ یٰس کی تلاوت کرے اور اپنی مراد تین جگہ پر طلب کرے۔ پہلی جگہ **امام مبین** کے بعد اور دوسری جگہ **فی فلک یسبحون** کے بعد اور تیسری جگہ **سلام قولا" من رب الرحیم** کے بعد خدا سے اپنی حاجت پوری ہونے کی دعا کرے اور جیسے ہی مذکورہ سلام کو پڑھے عامل کو چاہیے کہ چونتیس بار یا چودہ بار یا پھر کم از کم سات بار سلام کو مکرر کرے اور جیسے ہی اس سورہ سے فارغ ہو یہ کہے **سُبحَانَ المفرّجُ عن کل مَخزُونٍ سُبحَانَ المخلص عن کل مشجونٍ سبحان المنفس عن کل مدیونٍ سُبحَانَ العالم عن کل مکنون سبحان من جعل خزائنہ بین الکاف والنون سبحان من انا اراد شیئا" ان یقول لہ کن فیکون سبحان الذی بیدہ ملکوت کل شیئٍ والیہ ترجعون** اس کے بعد فوراً یہ کہے **اللھم افتح لی ابواب رَحمتک و ابواب خزائنک بحق سورہ یٰس و**

بفضلک و کرمک یا ارحم الرحمین سو مرتبہ یہ کہے یامفرج الھم بعض نے لکھا ہے کہ آیت جمیع لدینا محضرون کے بعد بھی اپنی حاجت طلب کرے۔ انشاء اللہ خداوند کریم اس کی تمام مرادیں اپنی قدرت کاملہ سے پوری کرے گا اور وہ خود فوری مشاہدہ کرے گا۔

**دوسرا طریقہ** میں یہ بھی لکھا ہے کہ جب عامل سورہ سلام پر پہنچے ستر مرتبہ اس آیت کی تکرار کرے اور اللہ تعالیٰ سے اپنے مطالب کی بجا آوری کی دعا کرے۔ دعا مستجاب ہو گی۔ مجرب ہے۔

**تیسرا طریقہ** کچھ یوں ہے کہ اس عمل کو روز جمعہ سے شروع کرے اور جمعرات تک عمل کرتا رہے اور روزانہ تین بار اس عمل کو بجالائے اس طرح ایک ہفتہ میں اکیس بار پڑھ چکے گا۔ اور ہر روز اس عمل کے فارغ ہونے کے بعد "صحیفہ سجادیہ" سے **یا من تحل بہ عقد المکارہ** کو پڑھے۔ اگر ہو سکے تو ایک ہی نشست میں اکیس مرتبہ سورہ یٰسین کی تلاوت کرے۔ ہر مطالب و مقصد کے لئے مجرب ہے۔ لیکن وسعت رزق کے لئے جمعرات کو اور دفع دشمن کے لئے منگل کو اور اور رفعت و عزت اور عظمت کے لئے اتوار کو اس عمل کا ورد کرے۔ مجرب ہے۔

**چوتھا طریقہ** تمام دینی اور دنیاوی مطالب و مقاصد کے پورا ہونے کے لئے سورہ یٰس کے ختم کے دوران چھ وقف کرے اور ہر وقف پر اپنی دینی و دنیاوی حاجت طلب کرے۔ انشاء اللہ مرادیں پوری ہوں گی۔ پہلا وقف یٰس (۲) **لمستقر لھا** (۳) **من مرقدنا** (۴) **سلام** (۵) **ان عبدونی** (۶) **کن فیکون** اور ہر وقف پر یہ دعا پڑھے۔ **اللھم انت الاول فلیس قبلک شئی وانت الاخر فلیس بعدک شئے**

وانت الظاہر فلیس فوقک شئی وانت الباطن فلیس دونک شئی وانت اللہ العزیز الحکیم وغیرک الباطل بغیر تامل و بغیر فاصلہ اس کے بعد یہ دعا پڑھے اللھم انی احمدک علی کل نعمتہ واستغفرک من کل ذنب واسئلک من کل خیر واستعیذبک من کل بلاءٍ فانہ لاحول ولا قوۃ الاباللہ العلی العظیم اور اس طرح بغیر فاصلہ کے اس دعا کو بھی پڑھے۔ اللھم صلی علی روح محمد وال محمد فی الارواح وصل علی جسد محمد وال محمد فی الاجساد وصل علی قبر محمد وال محمد فی القبور وصلی اللہ علی محمد وال محمد اجمعین اس کے بعد آیت کریمہ ان اللہ و ملٰئکتہ یصلون علی النبی یاایھا الذین امنو صلوا علیہ وسلموا تسلیما کے جواب میں کہئے لبیک اللھم صلی علی محمد وال محمد فی الاولین اللھم صلی علی محمد وال محمد فی الملاء الاعلی اللھم صلی علی محمد وال محمد فی المرسلین اللھم اعط محمد الوسیلہ والشرف والفضیلتہ والدرجتہ الکبیرۃ کما امنت بمحمد ولم ارہ ولا تحرمنی یوم القیمتہ رویتہ وارزقنی صحبتہ وتوفنی علی ملتہ واسقنی من حوضہ مشرب رویا" سائغا ھنیئا" لاظماء بعدہ ابدا" اللھم کما امنت بمحمد ولم ارہ فعرفنی فی الجنان وجھہ وبلغ روح محمد عنی تحیتہ کثیرۃ وسلم اللھم صلی علی محمد وال محمد الاوصیاء المرضیین بافضل صلوٰتک و بارک علیھم بافضل برکاتک والصلوۃ والسلام علیھم وعلی ارواحھم واجسادھم ورحمتہ اللہ و برکاتہ

* * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * *

## سورہ حم دخان کے خواص

حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام فرماتے ہیں کہ جو کوئی اس سورہ کو

سات بار اس نیت سے پڑھے کہ اس کی جملہ مشکلات و مہمات حل ہو جائیں اور وہ اپنی تمام مرادیں پالے تو انشاء اللہ اس سورہ کے سات بار تلاوت کرنے سے اس کے تمام مطالب و مقاصد جلد پورے ہو جائیں گے اور اگر اس سورہ کو تحریر کرکے اپنے پاس رکھے تو جن دیو و پری کے شر سے محفوظ رہے گا۔ لوگوں کی نگاہ میں باہیبت اور دبدبے والا ہو جائے گا۔ تمام لوگ اسے دوست بنانے کی جستجو میں رہیں گے۔

* * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * *

# سورہ احقاف کے خواص

کتاب ختمات قرآن میں وارد ہے کہ جو کوئی خطرات میں گھر جائے پریشانیاں جان نہ چھوڑتی ہوں۔ اس سورہ کو تین بار پڑھے ہر مشکل سے نجات مل جائے گی۔

* * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * *

# سورہ والنجم کے خواص

پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم فرماتے ہیں کہ جو کوئی اس سورہ کی اکیس بار اس نیت سے تلاوت کرے کہ اس کے حوائج و مطالب پورے ہوں تو یقیناً بامراد ہو گا۔

* * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * *

# سورہ الذاریات' طلاق' مزمل' والم نشرح کے خواص

مال و منال معیشت و رزق میں وسعت کے لئے ان چار سورتوں کی متواتر تلاوت کرنے سے رزق اس طرح وسیع ہو گا کہ عقل دنگ رہ جائے گی۔ ہر روز سبیل استمرار ان کی تلاوت کرے اور اگر کسی روز یہ سورہ پڑھنے سے رہ جائیں تو ان کی قضا کرے۔ یہ عمل مجرب ہے اور آزمودہ ہے۔ اور آپ کو تجربہ کرنا چاہیے چنانچہ سورہ والذاریات کی تلاوت ہمہ اوقات کثرت سے کریں دولت و ثروت کا موجب ہے۔

*********************************

# سورہ ق کے خواص

اگر کوئی چاہے کہ دولت و نعمت خداوندی اس پر فراواں ہو اور خیر کے دروازے اس پر کھول دیئے جائیں تو اسے چاہیے کہ ہر روز سورہ والذاریات' طلاق' مزمل اور الم نشرح کے ساتھ اس کی تین مرتبہ تلاوت کرے پھر خدا سے دعا کرے۔ اللہ تعالیٰ اسے قبول فرمائے گا۔

*********************************

# سورہ واقعہ کے خواص

سورہ واقعہ کا ختم رزق کی وسعت کے لئے عجیب و غریب اثر رکھتا ہے۔ ان جملہ مجربات میں سے ہے کہ جن پر کسی کو اختلاف نہیں۔ اس عمل کی ابتدا شب شنبہ سے کریں۔ اور ہر رات تین مرتبہ اس کی تلاوت کریں۔ اور شب جمعہ

آٹھ بار اسے پڑھیں اس طرح پانچ ہفتہ تک عمل کرتے رہیں۔ اور ہر رات شروع کرنے سے پہلے اس دعا کو پڑھیں۔ **اَللّٰھُمَّ ارْزُقْنَا رِزْقًا وَّاسِعًا حَلَالًا طَیِّبًا مِنْ غَیْرِ کَدٍّ وَاسْتَجِبْ دَعْوَتِیْ مِنْ غَیْرِ رَدٍّ وَاَعُوْذُبِکَ مِنْ فَضِیْحَتَی الْفَقْرِ وَالدَّیْنِ وَارْفَعْ عَنِّیْ ھٰذَیْنِ بِحَقِّ الْاِمَامَیْنِ السِّبْطَیْنِ الْحَسَنِ وَالْحُسَیْنِ**

**دوسرا طریقہ** یہ ہے کہ اس عمل کی ابتداء شب جمعہ سے کریں اور ہر شب پانچ مرتبہ اس سورہ واقعہ کی تلاوت کریں۔ تا کہ ہفتہ میں اکتالیس بار ہو جائے۔ اور ہر بار اس سورہ کی تلاوت شروع کرنے سے پہلے اس دعا کو پڑھیں۔ معصومؑ فرماتے ہیں کہ جس نے بھی اس پر عمل کیا وہ تونگر ہو گیا۔ اور وہ دعا یہ ہے **اَللّٰھُمَّ اِنْ کَانَ رِزْقِیْ فِی السَّمَاءِ فَاَنْزِلْہُ وَاِنْ کَانَ فِی الْاَرْضِ فَاَخْرِجْہُ وَاِنْ کَانَ بَعِیْدًا فَقَرِّبْہُ وَاِنْ کَانَ قَرِیْبًا فَیَسِّرْہُ وَاِنْ کَانَ قَلِیْلًا فَکَثِّرْہُ وَبَارِکْ لَنَا فِیْہِ بِرَحْمَتِکَ یَا اَرْحَمَ الرّٰحِمِیْنَ**

ایک اور طریقہ عمل کو علامہ مجلسی نے حضرت امام زین العابدین علیہ السلام سے نقل کیا ہے۔ امام چہارم فرماتے ہیں کہ اس عمل کو مہینے کے پہلے سوموار کو شروع کریں اور چودہ دنوں تک مکمل کریں۔ ہر روز دنوں کے عدد کے حساب سے پڑھتے رہیں۔ یعنی پہلے دن ایک مرتبہ دوسرے دن دو مرتبہ تیسرے دن تین مرتبہ علی ہذا القیاس چودھویں دن چودہ مرتبہ۔ اس سورہ واقعہ کی تلاوت کریں اور درمیان میں جمعرات کے روز درج ذیل دعا کو ایک بار پڑھیں۔ یہ عمل رزق کی وسعت، مشکل امور کی تسہیل اور قرض کی ادائیگی کے لئے مجرب ہے۔ اس میں کسی قسم کے شک و شبہ کی گنجائش نہیں۔ اور وہ دعا یہ ہے۔ **یَا وَاحِدُ یَا اَحَدُ یَا مَاجِدُ یَا جَوَادُ یَا حَلِیْمُ یَا حَنَّانُ یَا مَنَّانُ یَا کَرِیْمُ اَسْئَلُکَ تُحْفَۃً مِنْ تُحَائِفِکَ تَلُمُّ بِھَا شَعْثِیْ وَ تَقْضِیْ بِھَا دَیْنِیْ وَ تُصْلِحُ بِھَا شَأْنِیْ بِرَحْمَتِکَ یَا سَیِّدِیْ اَللّٰھُمَّ اِنْ**

کَانَ رِزْقِیْ فِی السَّمَاءِ فَاَنْزِلْہُ وَاِنْ کَانَ فِی الْاَرْضِ فَاَخْرِجْہُ وَاِنْ کَانَ بَعِیْدًا" فَقَرِّبْہُ وَاِنْ کَانَ قَرِیْبًا" فَیَسِّرْہُ وَاِنْ کَانَ قَلِیْلًا" فَکَثِّرْہُ وَاِنْ کَانَ کَثِیْرًا" فَبَارِکْ لِیْ فِیْہِ فَاَرْسِلْہُ لِیْ عَلٰی عِنْدِیْ خِیَارِ خَلْقِکَ وَلَا عِنْدِیْ اِلٰی شِرَارِ خَلْقِکَ وَاِنْ لَمْ یَکُنْ فَکَتَا بِکَسُوْنِہِتَکَ وَخَنَائِنِکَ اَللّٰھُمَّ انقلہ اِلٰی حَیْثُ اَکُوْنُ اِنَّکَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْر یَارَحِیْمُ یَاغَنِیُّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ تَمِّمْ عَلَیْنَا نِعْمَتَکَ وَھَبْلَنَا کَرَامَتَکَ وَاَلْبِسْنَا عَافِیَتَکَ ○

سورہ واقعہ کا ایک عمل یہ بھی ہے کہ اسے چالیس روز تک سورہ واقعہ‘ سورہ مزمل‘ سورہ واللیل اور سورہ الم نشرح کو ایک ایک بار اسی ترتیب سے پڑھیں۔ قرض کی ادائیگی فقرو فاقہ سے نجات‘ وسعت رزق کے لئے مجرب و موثر ہے اور ہر روز مذکورہ چار سورتوں کو پڑھنے کے بعد اس دعا کو پڑھیں یَا رَازِقُ السَّائِلِیْنَ یَا رَاحِمَ الْمَسَاکِیْنَ یَا وَلِیَّ الْمُؤْمِنِیْنَ یَاغِیَاثَ الْمُسْتَغِیْثِیْنَ یَااَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ وَّاکْفِنِیْ بِحَلَالِکَ عَنْ حَرَامِکَ وَ بِطَاعَتِکَ عَنْ مَعْصِیَتِکَ وَبِفَضْلِکَ عَمَّنْ سِوَاکَ یَااِلٰہَ الْعَالَمِیْنَ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاٰلِہٖ اَجْمَعِیْنَ ○

*******************************

## سورہ انافتحنا کے خواص

تمام مطالب و مقاصد کے حصول کے لئے اس سورہ کو روزانہ پانچ مرتبہ پڑھیں اور اس کی ابتداء روز شنبہ سے کریں‘ مگر روز جمعہ اس سورہ کو گیارہ مرتبہ پڑھا جائے۔ اس سورہ (انافتحنا) کی تلاوت کے بعد ہر مرتبہ سورہ **اذا جاء نصراللہ** بھی تلاوت کی جائے۔ اس طرح یہ عمل اکتالیس بار پر ختم ہو گا۔ روزانہ

گیارہ مرتبہ اور بعد از عمل اس دعا کو بھی پڑھا جائے یَامُفَتِّحُ فَتِّحْ یَامُفَرِّجُ فَرِّجْ یَامُسَبِّبُ سَبِّبْ یَامُیَسِّرُ یَسِّرْ یَامُسَهِّلُ سَهِّلْ یَا مُتَمِّمُ تَمِّمْ بِرَحْمَتِکَ یَاأَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ ○

* * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * *

## سورہ شعراء کے فوائد

حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام فرماتے ہیں کہ جو کوئی قضاء حوائج اور امور عظیم کے حصول کے لئے سورہ شعراء کو چالیس روز تک ایک ایک مرتبہ پڑھے اس کی حاجت پوری ہو گی۔ کام آسانی سے ہوا کریں گے۔ اگر اس عمل میں ایک دن کوتاہی ہو جائے تو اس عمل کو دوبارہ شروع کرنا ہو گا۔ اکثر اکابر علماء کے نزدیک یہ عمل مجربات میں سے ہے۔

* * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * *

## سورہ حدید کے فوائد

تمام مطالب و مہمات میں مجرب اور آزمودہ ہے۔ اس کی تلاوت کا طریقہ یہ ہے کہ شب جمعہ تنہائی میں مقام خلوت پر روبقبلہ بیٹھے اور باوضو ہونا چاہیے اس سورہ کو سات بار بغیر فاصلہ کے تلاوت کرے اس کے بعد اس دعا کو پڑھے۔ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ بِعِزَّتِکَ یَاعَزِیْزُ وَ بِقُدْرَتِکَ یَاقَدِیْرُ وَبِحِکْمَتِکَ یَاحَکِیْمُ وَبِرَحْمَتِکَ یَارَحْمٰنُ وَبِمَنِّکَ یَامَنَّانُ اِنْ تَحْفَظْنَا بِالْاِیْمَانِ قَائِماً قَاعِداً رَاکِعاً سَاجِداً نَائِماً وَیَقْظَۃً حَیّاً وَمَیِّتاً وَعَلٰی کُلِّ حَالٍ اَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنْ شَرِّ نَفْسِیْ وَمِنْ کُلِّ ذِیْ شَرٍّ وَمِنْ شَرِّ شَیَاطِیْنِ الْجِنِّ وَالْاِنْس

وَمِنْ شَرِّ كُلِّ دَآبَّۃٍ اَنْتَ اٰخِذُ اِنْ تَاْخُذْ بِنَاصِیَتِنَا وَاِنَّ رَبِّیْ عَلٰی صِرَاطٍ مُّسْتَقِیْم وَصَلَّی اللّٰہُ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ ○

* * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * *

# سورہ مزمل کے فوائد

جو کوئی اسے لکھ کر اپنے پاس رکھے جہاں بھی جائے گا فتح و نصرت اس کے قدم چومے گی۔ پریشانیاں اور مشکلیں اس کی تلاوت سے دور ہوتی ہیں اور اگر کوئی چیز گم ہو گئی ہو تو اس سورہ مبارک کی دس روز تک متواتر و مسلسل روزانہ ایک مرتبہ تلاوت کرے گم شدہ چیز مل جائے گی اور اگر شوہر و زوجہ میں جھگڑا ہو جائے۔ شربت پر پڑھ کر پلایا جائے۔ محبوب و مہربان ہو جائیں گے اور اگر کسی میاں بیوی کے ہاں اولاد نرینہ نہ ہو تو انہیں چاہیے کہ دو روزہ رکھیں اور وقت افطار غسل کریں اور ایک بار اس سورہ مبارکہ کو تلاوت کر کے پانی پر دم کریں۔ اور دونوں اسی پانی سے افطار کریں' انشاء اللہ فرزند حاصل ہو گا۔ اور اگر کوئی قرض دار ہے تو اس سورہ کی مداومت کرے اس طرح کہ ہر نماز کے بعد ایک بار اس کی تلاوت کرے قرض آسانی سے ادا ہو جائے گا اور اگر کسی کو درد اندام ہو تو روغن بادام تلخ پر دم کر کے اندام مریض پر مالش کریں صحت یاب ہو جائے گا۔

اگر رزق میں تنگی ہو تو چالیس روز تک روزانہ ایک مرتبہ اس کی تلاوت کرے رزق میں وسعت پیدا ہو گی۔

اگر کسی پر جادو ٹونہ کر دیا گیا ہو تو روز یکشنبہ اس سورہ کو لکھ کر مسحور کو کھلا دیں جادو ٹونہ سے نجات مل جائے گی۔ انشاء اللہ

مہمات کو فتح کرنے کے لئے گیارہ روز تک روزانہ ہر نماز کے بعد گیارہ مرتبہ مسلسل اس سورہ کی تلاوت کرے ابھی گیارہ روز پورے نہ ہوئے ہوں گے کہ مراد پوری ہو جائے گی۔ نیز اسے چاہئے کہ ہر روز گیارہ مرتبہ اس دعا کو بھی پڑھے **یَامُسَبِّبُ سَبِّبْ یَامُفَتِّحُ فَتِّحْ یَامُفَرِّجُ فَرِّجْ یَامُدَبِّرُ دَبِّرْ یَامُسَهِّلُ سَهِّلْ یَامُیَسِّرُ یَسِّرْ یَامُتَمِّمُ تَمِّمْ بِرَحْمَتِکَ یَااَرْحَمَ الرّٰحِمِیْنَ ○**

شیخ بہاؤالدین سلیمان کہتے ہیں کہ میں نے ہر مقصد و مطلب کے لئے اسے آزمایا۔ میں نے جس مطلب کے لئے بھی اسے شروع کیا ابھی ایک ہی صبح پڑھا تھا کہ مطلب پورا ہو گیا۔ مجھے مراد مل گئی۔ انشاء اللہ تعالیٰ

***********************************

# مجربات قرآنی

برائے قضائے حاجات ' علو درجات اور ہلاکت اہل ظلم و فساد ان سات سورتوں کو ہفتہ بھر میں اس ترتیب کے ساتھ۔ ہر سورہ کو ہر روز چودہ بار پڑھیں نہ کم ہوں نہ زیادہ' ہفتہ کے دن **انافتحنا**۔ اتوار کے دن **یس**۔ پیر کے دن **اذاوقعت**۔ منگل کے دن **الرحمن**۔ بدھ کے دن **قل اوحی**۔ جمعرات کے دن **تبارک الذی بیده الملک** اور روز جمعہ **الم سجدہ** انشاء اللہ مطلب و مقصد پورا ہو گا۔

***********************************

# سورہ حمد مبارکہ کے فوائد

سورہ حمد کو ان دو آیتوں کے ساتھ ملا کر دس روز تک روزانہ گیارہ مرتبہ

پڑھیں۔ گیارہ دنوں میں کل ایک سو دس بار ہو جائے گا۔ یہ عمل ہر مطلب کلی و
جزئی اور حاجت جو وہ رکھتا ہو گا انشاء اللہ بہت جلد پوری ہوگی۔ پہلی آیت سورہ
آل عمران کی یہ ہے ثم انزل علیکم من بعد الغم (تا) واللہ علیم بذات الصدور
آیت نمبر ۱۵۴ اور دوسری آیت نمبر ۲۹ سورہ الفتح محمد الرسول اللہ تا آخر سورہ
اس کے بعد کہے رَبِّ سَہِّلْ وَلاَ تُعَسِّرْ عَلَیْنَا یَارَبّ

* * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * *

## سورہ مبارکہ عم کے فوائد

جو کوئی ایک سال مداومت کے ساتھ اس سورہ کی روزانہ ایک بار تلاوت
کرے گا۔ دوسرے سال اللہ تعالیٰ اسے اپنے گھر کی زیارت سے مشرف کرے
گا۔ اکثر حضرات نے تجربہ کیا ہے۔

* * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * *

## سورہ واللیل کے فوائد

چالیس راتوں میں ہر رات چالیس دفعہ اس کی تلاوت کریں اور ہر وقت
جب اس آیت نمبر ۱۹ ما لاحد عندہ من نعمۃ تجزی پر پہنچے تو اس آیت کی تین
بار تکرار کرے۔ انتہا درجہ کی فتوحات اور کثیر مال و زر کے لئے عجیب اثر رکھ
ہے۔ اس طرح فراوانی رزق اور فتوحات حاصل ہوں گی کہ انسانوں کی عقلیں دنگ
رہ جائیں گی۔ اس عمل کے دوران و بعد تقویٰ و پرہیزگاری کو اپنانا ہو گا اور
مناہی و شبہات و محرمات سے اجتناب کرنا ضروری شرط ہے۔

بزرگان دین نے یہ بھی لکھا ہے کہ جو کوئی تین راتوں میں متواتر سو

واللیل اور سورہ والشمس کو سات سات بار پڑھے اور پھر تین مرتبہ کہے **بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ تَبَارَکَ اللّٰہُ رَبُّ الْعٰلَمِیْنَ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ**۔ جو بھی مراد دل میں رکھتا ہو انشاء اللہ پوری ہو گی۔

بعض کتابوں میں اس طرح عمل بھی لکھا ہے کہ جو کوئی مال دنیا کا طالب ہو تو اسے چاہیۓ کہ بعد از نماز عشاء سات بار سورہ والشمس سات بار **قل یاایھاالکافرون** سات بار **قل ھو اللہ احد** سات بار سورہ معوذتین کی تلاوت کرے اور بعد میں سات مرتبہ یہ کہے **"اَللّٰھُمَّ اجْعَلْ لِیْ مِنْ اَمْرِیْ فَرَجًا مَخْرَجًا"** کتابوں میں لکھا ہے کہ پہلی رات یا دوسری یا تیسری یا چوتھی یا پانچویں حتیٰ کہ شب ششم ضرور اس کی مراد پوری ہو گی۔ اور اسے مال و زر کثرت کے ساتھ ملے گا۔ اور اگر دعا قبول نہ ہوئی تو پھر یہ **سمجھیے** گا کہ عمل کی شرائط میں کوئی خلل یا نقصان واقع ہوا ہے۔ دوبارہ شروع کریں۔

* * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * *

# سورہ والضحیٰ کے فوائد

جو کوئی چالیس مرتبہ بغیر فاصلہ بغیر تکلم 'روبقبلہ' باطہارت متبرک دن یا رات مثل شب جمعہ یا اسی طرح کے دیگر مبارک دن یا رات میں اس سورہ کی تلاوت کرے تو اس کی انشاء اللہ ہر مراد پوری ہو گی۔

* * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * *

# سورہ معارج کے فوائد

اگر کوئی رات کو سوتے وقت اس سورہ کی تلاوت کرے گا **محتلم** نہ گا۔

**************************

# سورہ طلاق کے فوائد

محبت یا ادائے قرض اکیس بار اس سورہ کی تلاوت نافع اور مجرب ہے۔
رزق میں وسعت کے لئے اس سورہ کی تین بار تلاوت کرنے سے روزی کشادہ ہوتی ہے۔

**************************

# سورہ القارعہ کے فوائد

حاجات کے پورا ہونے اور مہمات کی کفایت کے لئے ایک ہی مجلس میں ایک سو اسی بار پڑھیں۔ انشاء اللہ مرادیں پوری ہوں گی۔

**************************

# آیتہ الکرسی کے فوائد

اولاد کی بقا اور تمام بلیات سے سلامتی کے لئے چالیس مرتبہ تا وھوالعلی العظیم لکھ کر بچے کو باندھ دیں انشاء اللہ محفوظ رہے گا۔

**************************

# سورہ والشمس کے خواص

ہر مطلب کے لئے طلوع آفتاب کے وقت تیس روز تک سجدہ کی حالت میں تین بار پڑھیں اور جب **فالھمھا** پر پہنچے تو اپنی حاجت دل میں دہرائیں۔

ابھی تین روز نہ گزریں گے انشاء اللہ مراد پوری ہوگی۔ اور چاہیے کہ اس کی ابتداء چہار شنبہ کو کی جائے تاکہ جمعہ کو ختم کی جا سکے۔

دفع دشمن کے لئے اسی عمل کو غروب آفتاب کے وقت بجا لائے مجرب ہے۔

تونگری کے لئے روایت ہے کہ ماہ صفر کے آخری بدھ کے دن یہ سورتیں' الم نشرح' والتین' اذاجاء نصراللہ' قل ھو اللہ احد کو سات سات بار پڑھیں انشاء اللہ مال دنیا سے غنی و تونگر ہو جائیں گے۔

********************************

## سورہ الم نشرح کے فوائد

ہر مطلب کے لئے تین روز تک پہلے سات بار سورہ فاتحہ پھر سات سو بار صلوٰت اور اسی بار سورہ الم نشرح کی تلاوت کریں۔ بعدازاں ایک ہزار اور ایک بار سورہ توحید پھر سات بار سورہ فاتحہ کی تلاوت کریں آخر میں سو مرتبہ صلوٰت پڑھیں معصومؑ فرماتے ہیں کہ میں ضامن ہوں ابھی تین روز نہ گزریں گے کہ مراد انشاء اللہ پوری ہو گی۔ وسعت رزق کے لئے سورہ الم نشرح کو اکتالیس بار پڑھیں مراد پوری ہو گی۔

********************************

## سورہ قل یایھا الکافرون کے فوائد

کتاب عدۃ الداعی میں مرقوم ہے کہ حضرت رسول اکرم صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم فرماتے ہیں کہ جو کوئی جمعہ کے روز نماز صبح کے بعد طلوع آفتاب سے قبل

دس بار اس سورہ کی تلاوت کرے اور بعد میں سو بار اس طرح صلوت پڑھے **اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلَى النَّبِيِّ الْأُمِّيِّ مُحَمَّدٍ وَّآلِهٖ وَسَلِّمْ** جو بھی مراد رکھتا ہو گا انشاء اللہ پوری ہو گی۔ اہل دعا فرماتے کہ اس عمل کے متوثر ہونے میں کوئی شک و شبہ نہیں۔

********************************

## سورہ انا انزلناہ کے فوائد

ہر روز دس مرتبہ نماز صبح کے بعد اس سورہ کی تلاوت وسعت رزق کا باعث ہے یہ عمل جملہ مجربات میں سے ہے۔

اکثر علماء اور اھل دعا فرماتے ہیں کہ اگر کوئی اس سورہ کو اپنی تمام حاجات و مقاصد کے حصول کے لئے تین ہزار ساٹھ بار پڑھے گا تو اس کی مرادیں پوری ہوں گی۔

انہی اعداد سے اس سورہ کی تلاوت دفع فقر و فاقہ' زوال عسرت واحتیاج کے لئے اور غنی و ثروت اور تونگری نیز اداء قرض کے لئے مجربات میں سے ہے۔

حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام فرماتے ہیں کہ جو کوئی اس سورہ کی مداومت کرے گا تو اس کو اللہ تعالیٰ وہاں وہاں سے رزق عطا فرمائے گا جہاں سے اسے گمان بھی نہ ہو گا بعض نے لکھا ہے کہ اس سورہ کا عدد تین ہزار چار بنتے ہیں۔

********************************

# سورہ انفطار کے خواص

حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے منقول ہے کہ اس سورہ کی مداومت روزانہ ستر بار کریں۔ انشاء اللہ ہر مطلب پورہ ہو گا ہر مشکل سے نجات ملے گی۔

اس عمل کو اگر کوئی اسیر یا محبوس کرے گا۔ یعنی روزانہ ستر بار پڑھے گا خلاصی پائے گا اور اگر مَاغَرَّکَ بِرَبِّکَ الْکَرِیْمِ اس کی اس آیت کو پوست آہو پر لکھ کر اپنے پاس رکھیں تو روزی فراخ ہو گی اور معاملات منافع بخش ہوں گے۔ شرط یہ ہے کہ نماز اول وقت میں گزارتا ہو۔

* * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * *

# سورہ التکویر کے فوائد

حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام فرماتے ہیں اس سورہ کی روزانہ اکیس بار تلاوت جمیع بلیات و آفات سے نجات دیتی ہے اور یہ عمل بڑا ہی نفع بخش ہے۔ اگر کوئی اس سورہ کو مبارک اوقات میں نو سو بار پڑھے۔ اللہ تعالی سے دعا کرے جو بھی حاجت رکھتا ہو گا پوری ہو گی۔

اگر اس سورہ کو گلاب پر پڑھیں اور اس گلاب کو آنکھ پر لگائیں تو نور میں اضافہ ہو گا۔ اگر اس سورہ کو آشوب چشم کے لئے آنکھوں پر دم کریں تو مریض شفایاب ہو جائے گا۔

* * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * *

## سورہ تکاثر کے خواص

حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے منقول ہے کہ ہر مطلب و مقصد میں کامیابی کے لئے اس سورہ کو دو سو پچیس بار تنہائی و خلوت و طہارت کے عالم میں پڑھیں اس کے بعد ہزار بار صلوٰت پڑھیں انشاء اللہ تمام مرادیں پوری ہوں گی۔

* * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * *

## سورۃ مجادلہ کے خواص

دشمن کو زیر و مغلوب کرنے کے لئے خاک کی مٹھی پر تین بار پڑھ کر دشمن کی طرف پھینک دیں انشاء اللہ مقہور و مغلوب ہو گا۔

اگر بیمار پر دم کر دیں صحت یاب ہو جائے گا اور ہر پریشان حال کو تسکین مل جائے گی اور اگر اس سورہ کی مداومت کے ساتھ تلاوت کریں تو ہر ذی شر کے شر سے ہر موذی کی اذیت سے مامون و محفوظ رہیں گے۔

* * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * *

## سورۃ ماعون کے فوائد

اگر کوئی یہ چاہے کہ اس کے خانوادہ کے نزدیک فقر و محتاجی نہ پھٹکے تو وہ اکتالیس بار اس سورہ کی تلاوت کرے۔ انشاء اللہ اس کا خانوادہ اللہ کی حفظ و امان میں رہے گا۔ اور فقر و محتاجی ان کے قریب نہیں آئے گی۔

* * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * *

## سورۃ القارعہ کے فوائد

ہر مقصد و مہم کے لئے ایک سو اسی بار اس کی تلاوت کریں۔ مجرب ہے اگر روزی تنگ ہے تو لکھ کر اپنے پاس رکھیں انشاء اللہ رزق وسیع ہو جائے گا۔

*************************

## سورۃ العادیات کے فوائد

اگر اس سورہ کو زیادہ تعداد میں بسااوقات پڑھا جائے قرض ادا ہو جاتا ہے۔ اس کو لکھ کر اپنے پاس رکھنے والا شر سے مامون و محفوظ رہے گا اور رزق میں وسعت پیدا ہوگی۔ اور اگر اس سورہ کی تلاوت مولائے کائنات حضرت علیہ السلام کے اسم مبارک کے اعداد کے مطابق کرے گا کیونکہ یہ سورہ حضرت علی علیہ السلام کی شان میں نازل ہوئی ہے تو رزق بے حد و حساب ملے گا اور وہاں سے رزق ملے گا جہاں سے وہ امید بھی نہ رکھتا ہوگا۔ انشاء اللہ۔

*************************

## سورۃ ماعون کے فوائد

عظیم فتوحات حاصل کرنے کے لئے سوموار کی شب سے شروع کریں۔ گیارہ متواتر راتیں ہر رات پندرہ مرتبہ اس سورہ کی تلاوت کریں اور ہر مرتبہ اس سورہ کی تلاوت کے بعد سورہ حج آیت نمبر ۷۷ کی تلاوت کریں **یاایھا الذین امنو ارکعوا واسجدوا واعبدوا ربکم وافعلو الخیرلعلکم تفلحون** پھر پندرہ مرتبہ محمد وال محمد پر صلوٰت پڑھیں پھر سجدہ میں جاکر اپنی حاجات طلب کریں انشاء اللہ مرادیں پوری ہوں گی اور فتح عظیم حاصل ہو گی۔

* * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * *

## سورۃ فیل کے خواص

بعض کتب میں مسطور ہے کہ جو کوئی منگل کی رات یا بدھ کی رات اس سورہ کو پڑھے گا۔ اس کے پڑھنے کا طریقہ کچھ اس طرح ہے کہ اس سورہ کے کل کلمے تمیں ہیں اور حروف اٹھانوے ہیں ان کی تعداد کے مطابق اس کی تلاوت کرے اور ہر دفعہ ایک تلاوت کے بعد اپنا منہ دشمن کی جانب کر کے دم کرے دشمن ہلاک ہو گا، مغلوب و مقہور ہو جائے گا۔ انشاء اللہ تعالیٰ

* * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * *

## سورۃ الفاتحہ کے فوائد

یہ سورہ سوائے زہریلے پن اور برص کے ہر مرض میں شفا عطا کرتی ہے۔ اگر اسے پاک و طاہر برتن میں لکھا جائے اور اس کی تحریر کو بارش کے پانی سے دھو کر مریض کو نہلایا جائے تو مریض شفایاب ہو جاتا ہے اور اگر دل کے مریض کو پلا دیا جائے تو اس موزی مرض سے نجات مل جائے گی۔ انشاء اللہ تعالیٰ

* * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * *

## سورۃ البقرہ کے فوائد

درد، آشوب چشم، گنجے پن اور ریڑھ کی ہڈی کے مرض میں مبتلا حضرات اس سورہ کو مذکورہ بیماریوں کے علاج کے لئے تعویز بنا کر باندھیں یا لکھ کر بارش کے پانی سے دھو کر پلائیں انشاء اللہ تعالیٰ شفاء ہو گی۔

* * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * *

## سورۃ آل عمران کے فوائد

اس سورہ کو زعفران اور عرق گلاب سے لکھ کر جو پھل دار درخت پھل نہ دیتا ہو اس پر چھڑکیں پھل دینے لگے گا اور بانجھ عورت کو پلائیں اولاد ہو گی۔ انشاء اللہ

* * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * *

## سورۃ النساء کے فوائد

اگر کوئی شخص کوئی شے کسی جگہ دفن کر کے یا رکھ کر بھول گیا ہو اور اب اسے یاد نہ آ رہی ہو تو اسے چاہئے کہ سورہ نساء کی یہ آیت نمبر ۵۸ **ان اللہ یامرکم ان تودو الا مانات الی اھلھا۔ الخ** سٹیل کے برتن میں لکھ کر بارش کے پانی سے دھو کر اسے اس جگہ پر چھڑکے جہاں دفن کیا تھا۔ انشاء اللہ ظاہر ہو جائے گی۔

(اگر کسی کے معدے میں درد ہے تو تین پھلوں پر اس سورہ آل عمران کی آیت نمبر ۸ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم سمیت **ربنا لاتزغ قلوبنا** الخ۔ پڑھ کر دم کریں انشاء اللہ شفا ہو گی۔)

* * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * *

## سورۃ المائدہ کے فوائد

جو بھی اس سورہ کو لکھ کر اپنی منزل (اپنے گھر) یا صندوق میں رکھے گا اس سے کوئی چیز چوری نہیں ہو گی۔

* * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * *

## سورۃ انعام کے فوائد

پہلو اور ہاتھوں کے درد میں مبتلا حضرات اس سورہ کی آیت نمبر ۱۷ ان یمسسک اللہ بضر رات کو سحری کے وقت لکھ کر درد والی جگہ پر باندھے گا۔ انشاء اللہ شفایاب ہو جائے گا۔

********************************

## سورۃ الاعراف کے فوائد

جو بھی اس سورہ کو عرق گلاب اور زعفران سے لکھ کر اپنے پاس رکھے گا۔ سانپ کے ڈسنے، دشمن کے ضرر، ٹائیفائڈ، درندوں کے ضرر اور راستہ بھٹکنے سے محفوظ رہے گا۔ انشاء اللہ تعالیٰ

********************************

## سورۃ انفال کے فوائد

اس سورہ کو لکھ کر اپنے پاس رکھنے والا ظالم حاکم کے ظلم اور اپنے سے زبردست کی زیادتی سے محفوظ رہے گا۔ قاضی کے فیصلہ کرتے وقت اسے اپنے پاس رکھنے سے قاضی مہربان ہو جاتا ہے۔ انشاء اللہ تعالیٰ

********************************

## سورۃ توبہ کے فوائد

جو اس سورہ کو لکھ کر اپنی تجارت میں رکھے گا یا تاجر اپنی ٹوپی میں رکھے گا تو تجارت میں نقصان نہ ہو گا چوری نہ ہو گی اور آگ سے محفوظ رہے گا۔ انشاء اللہ تعالیٰ

* * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * *

## سورۃ یونس کے فوائد

سورہ یونس کی آیت نمبر ۱۲ **اذ مس الانسان الضر دعانا** پاؤں کے درد' پنڈلیوں کے درد اور پہلو کے درد کے لئے بے حد مؤثر و مفید ہے۔ اس آیت کو ایک تازہ ٹھیکری پر لکھیں پھر اس ٹھیکری کو خالص و پاک تیل سے بھر دیں۔ انگلی کی مدد سے تیل کو ٹھیکری میں ملیں۔ بعد ازاں مذکورہ درد کی جگہ پر مساج کریں۔ انشاء اللہ تعالیٰ شفاء ہو گی۔

* * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * *

## سورۃ ھود کے فوائد

اس سورہ میں سے آیت نمبر ۴۱ **قال ارکبو فیھا بسم اللہ مجریھا۔الخ** کشادہ اور گول تختی پر لکھ کر سفینہ یا کوئی بھی سواری ہے اس کے آگے کیلوں سے لگا دیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ محفوظ رہیں گے۔

* * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * *

## سورۃ یوسف کے فوائد

اس سورہ کو لکھ کر اپنے گھر کی عقبی دیوار کے سائے میں دفن کریں جہاں کسی دوسرے کو خبر نہ ہو۔ اور اس سورہ کو جو بھی لکھ کر پیئے گا اس کے رزق کا حصول آسان ہو جائے گا۔ انشاء اللہ تعالیٰ

* * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * *

# شوگر کے مریضوں کے لئے

**وقل رب ادخلنی مدخل صدق واخرجنی مخرج صدق و اجعل لی من لدنک سلطانا نصیرا**

(پارہ ۱۵، رکوع ۹) آیت نمبر ۷۹ اڑھائی ماہ تک بلا ناغہ ۳ مرتبہ صبح اور تین مرتبہ شام یہ آیت پڑھ کر پانی پر دم کر کے پیجئے۔ انشاء اللہ شوگر جاتی رہے گی۔

* * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * *

# دل کے مریضوں کیلئے

حضرت علی مرتضیٰؓ نے ارشاد فرمایا ایک زمانہ آنے والا ہے جب زیادہ تر لوگ امراض قلبی کے مریض ہوں گے۔ میرے محب اگر اس نامراد مرض سے بچنا چاہیں تو نماز صبح اور نماز مغرب کے بعد اول اور آخر تین تین مرتبہ درود پڑھ کر یہ دعا پڑھا کریں۔ انشاء اللہ اس موذی مرض سے نجات حاصل کر لی جائے گی۔

دعا یہ ہے۔

**یَاحَیُّ یَاقَیُّومُ یَا لَا اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ اَسْئَلُکَ اَنْ تُحْیِیَ قَلْبِیْ**

## سورۃ الرعد کے فوائد

حضرت علی علیہ السلام فرماتے ہیں کہ ہروہ آدمی کہ جس کی عزت کو خطرہ ہو زمانہ کی نظروں سے گر چکا ہو یا دانت گر رہے ہوں تو اسے چاہئے کہ ایک ماہ مسلسل کسی بھی مناسب وقت سورۃ الرعد کے ساتھ ان آیات کی سات بار تلاوت کیا کرے۔ ومثل کلمتہ خبیثتہ سورہ ابراہیم کی آیت نمبر۲۶ اور سورہ واقعہ کی آیت نمبر ۵ وبس الجبال بسا" وکانت هباء منبثا" تک انشاء اللہ لوگوں کی نظروں میں مکرم و محترم ہو جائے گا۔

* * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * *

## سورۃ ابراہیم کے فوائد

اس سورہ کو سفید ریشمی کپڑے پر لکھ کر چھوٹے بچے کے بازو پر باندھ دینے سے بچہ ڈر خوف' رونے' جن بھوت' کے سائے اور تمام ترعیوب سے محفوظ رہے گا۔ انشاء اللہ تعالیٰ

* * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * *

## سورۃ الحجرات کے فوائد

اس سورہ کو زعفران سے لکھ کر اس عورت کو پلائیں جو قلیل الحلیب ہو تو دودھ زیادہ ہو جائے گا۔ اور جو کوئی اسے لکھ کر اپنے بازو پر باندھ رکھے گا تو تاجر کی تجارت' مزدور کی مزدوری اور طالب رزق کے رزق میں اضافہ ہو گا۔ انشاء اللہ تعالیٰ

* * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * *

## سورۃ النحل کے فوائد

اس سورۃ کو جس باغ کی باڑ پر لگا دیا جائے گا اس کے تمام شجر ہر طرح کی آفت سے محفوظ رہیں گے اور جو قوم اپنے پاس رکھے گی اس میں اتحاد و اتفاق پیدا ہو گا اور ان کے نام روشن ہوں گے۔ انشاء اللہ تعالیٰ

* * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * *

## سورۃ الاسریٰ

جو اس سورۃ کا تعویز بنا کر سبز ریشمی کپڑے میں باندھ کر اپنے پاس رکھے گا وہ ہمیشہ معزز و مکرم ہو گا۔ بلند مرتبہ حاصل کرے گا۔ انشاء اللہ تعالیٰ

* * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * *

## سورۃ الکہف کے فوائد

اس سورہ کو شیشے کے تنگ برتن میں ڈال کر برتن کو پانی سے بھر دیں اور پھر اس پانی کا اپنے گھر میں چھڑکاؤ کریں۔ انشاء اللہ تعالیٰ اہل خانہ قرض اور فقر سے محفوظ رہیں گے۔

* * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * *

## سورۃ مریم کے فوائد

جو اس سورہ کو شیشہ کے پاک و صاف برتن میں لکھ کر اپنے گھر میں رکھے گا تو اللہ تعالیٰ خیر و برکت کے دروازے اہل خانہ کے لئے کھول دے گا۔ اور سوء و شر کے راستے مسدود کر دے گا اور جو اسے لکھ کر پئے گا تو وہ خوف و دہشت سے امان پائے گا۔ انشاء اللہ تعالیٰ

*****************************

## سورة طٰہٰ کے فوائد

جو اس سورہ کو لکھ کر اپنے پاس رکھے گا تو جس قوم میں شادی کا ارادہ نیک رکھتا ہو گا۔ مراد پوری ہو گی اور اس سورہ کے ساتھ کسی قوم کی اصلاح کے قصد سے جائے گا ان کے دل آپس میں پیار و محبت سے بھر جائیں گے اور اس سورہ کے ساتھ ہونے سے دو جنگجو صلح پر آمادہ ہو جائیں گے اور اس سورہ کو لکھ کر پہنے والا جب بادشاہ اور حاکم کے پاس جائے گا اس کے خوف اور اس کے ظلم سے امان پائے گا۔ انشاء اللہ تعالیٰ

*****************************

## سورة الانبیاء کے فوائد

کسی بھی قسم کا مریض ہو زیادہ سوچتا رہتا ہو' زیادہ جاگتے رہنے کا مرض لاحق ہو' ریاح کے درد میں مبتلا رہتا ہو' پیٹ کی جملہ بیماریوں میں مبتلا رہتا ہو' ہرنی کی باریک کھال پر لکھ کر مریض کے باندھیں۔ انشاء اللہ شفا ملے گی۔

*****************************

## سورة المومنون کے فوائد

اس سورہ کو رات کے وقت لکھ کر سبز ریشمی کپڑے میں باندھ کر جو اپنے پاس رکھے گا شراب نہیں پیے گا۔ انشاء اللہ تعالیٰ

*****************************

## سورۃ النور کے فوائد

اس سورہ کو جو سوتے وقت اپنے بستر میں رکھے گا اسے احتلام نہیں ہو گا۔
اس سورہ کو تانبے کے طشت پر لکھ کر پاک و صاف پانی سے دھوئیں اور اس پانی کا گھر میں چھڑکاؤ کریں اکثر بیماریوں سے وباؤں سے گھر محفوظ رہے گا۔ انشاء اللہ تعالیٰ

*******************************

## سورۃ الفرقان کے فوائد

جو اسے لکھ کر اپنے پاس رکھے گا اور ایسی جگہ جائے گا جو لوگ ناجائز خرید و فروخت میں مصروف ہوں گے اس آدمی کے جانے سے وہ منتشر ہو جائیں گے اور جس جگہ وہ ہو گا اس کے قریب غم و اندوہ کا گزر نہ ہو گا۔ انشاء اللہ تعالیٰ

*******************************

## سورۃ الشعراء کے فوائد

اس سورہ کو لکھ کر سفید مرغ کو کھلائیں اس کو اس وقت تک پکڑے رکھیں جب تک وہ بیٹ نہ کرے۔ بعد ازاں اس کو چھوڑ دیں وہ چلنے لگے گا چلتا چلتا جہاں رک جائے بس اس جگہ پر خزانہ ہو گا یا پھر ایسی چیز مدفون ہو گی جس سے گھر والوں پر جادو ٹونہ کیا گیا ہو۔

*******************************

## سورۃ النمل کے فوائد

جو قرض سے نجات چاہتا ہو تو اسے چاہیے کہ اس سورہ میں سے آیت

نمل کی تلاوت کثرت سے کیا کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ

***********************************

## سورۃ القصص کے فوائد

ایسے شخص کے لئے جو زنا' خوف و دہشت میں مبتلا ہو اور بے تحاشا گناہ کرتا ہو اس سورہ کو لکھ کر اس کی گردن میں باندھ دیں انشاء اللہ ان گناہوں سے نجات مل جائے گی۔ قے 'پیٹ کی جملہ امراض اور تلی کی شکایت میں اس سورۃ کو لکھ کر بارش کے پانی سے دھو کر پلائیں جملہ امراض سے انشاء اللہ شفاء عاجلہ و کاملہ نصیب ہو گی۔

***********************************

## سورۃ العنکبوت کے فوائد

جو اس کو لکھ کر پانی سے دھو کر پیئے گا انشاء اللہ' باری کے بخار اور دردوں سے نجات پائے گا۔

***********************************

## سورۃ الروم کے فوائد

ایک ایسا شیشہ کا برتن لیں جس کا گلہ تنگ ہو اس میں اس سورہ کو لکھ کر رکھیں اور پانی ڈال دیں اس سے پینے کے پانی مین تھوڑا تھوڑا ملا کر پئیں۔ برائی کی طرف مائل قوم سے انشاء اللہ تعالیٰ نجات مل جائے گی۔

********************************

## سورۃ لقمان کے فوائد

نکسیر یا خون کا کسی اعضاء سے زیادہ بہنا یا پھر کسی قسم کا درد ہو تو اس سورہ کی کثرت سے تلاوت کریں۔ انشاء اللہ تعالیٰ شفا ملے گی۔

* * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * *

## سورۃ سجدہ کے فوائد

ہرنی کی کھال پر لکھ کر اپنے گھر میں رکھیں پورا سال بخار اور درد شقیقہ سے محفوظ رہیں گے۔ انشاء اللہ تعالیٰ

* * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * *

## سورۃ الاحزاب کے فوائد

جس کی بیٹی کے لئے رشتہ نہ آرہا ہو۔ شادی میں رکاوٹ ہو۔ اس سورہ کو کسی بھی حلال جانور کی باریک کھال پر لکھ کر اپنے گھر کی مخفی جگہوں میں چھپا دیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ بہت جلد بچی کی شادی ہو جائے گی۔

* * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * *

## سورۃ سباء کے فوائد

اس سورہ کو سفید کاغذ پر لکھ کر سفید کپڑے میں باندھ کر اپنے پاس رکھنے سے آدمی پیاس کی شدت، پتھروں اور لوہے کی عقوبت سے محفوظ رہے گا۔ انشاء اللہ تعالیٰ

* * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * *

## سورۃ فاطر کے فوائد

اس سورہ کی دو آیات نمبر۲۹ - ۳۰ **ان الذین یتلون کتاب اللہ** کو خالص سوتی کپڑے کے چار ٹکڑوں پر لکھ کر جو اپنی تجارت میں رکھے گا۔ انشاء اللہ بے حد منافع پائے گا۔

* * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * *

## سورۃ یٰس کے فوائد

یہ سورہ لکھ کر جس عورت کو پلائی جائے گی وہ **کثیراللبن** ہو گی اور جو اسے لکھ کر اپنے پاس رکھے گا وہ بد نظری' دیوانہ پن سے محفوظ رہے گا اور اس کا زیادہ تر وقت نیکی میں گزرے گا۔ انشاء اللہ تعالیٰ

* * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * *

## سورۃ الصافات کے فوائد

جس عورت کو اس سورہ کے پانی سے غسل دیا جائے گا انشاء اللہ وہ دردوں' تکلیفوں سے نجات پا جائے گی۔

* * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * *

## سورۃ ص کے فوائد

جو اس سورہ کی آیت نمبر ۴۲ **ارکض برجلک ھذا مغتسل بارد و شراب** کی کثرت سے تلاوت کرتا ہو وہ جب بھی کنواں کھودے گا بہترین چشمہ پھوٹے گا۔ انشاء اللہ پانی پینے میں ٹھنڈا اور میٹھا ہو گا۔

* * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * *

## سورۃ الزمر کے فوائد

جو اس سورہ کو لکھ کر اپنے بازو کے ساتھ باندھ کر رکھے گا انشاء اللہ وہ لوگوں کی نظروں میں محبوب ہو گا اور لوگ اسے اچھے الفاظ سے یاد کریں گے اور اس کی تعریف کیا کریں گے۔

**********************************

## سورۃ غافر کے فوائد

اس سورہ کو رات کے وقت لکھ کر اپنی دکان میں رکھیں تو بہت زیادہ منافع ہو گا اور اگر اس کو باغ میں رکھیں تو بہت زیادہ پھل اٹھائے گا اور اگر کسی کو خارش یا پھنسی پھوڑے ہوں تو اس کے گلے میں باندھ دیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ شفایاب ہو جائے گا۔

**********************************

## سورۃ فصلت کے فوائد

اس سورہ کو بارش کے پانی سے لکھ کر خشک کر لیں بعدازاں اس کاغذ کا سرمہ بنا لیں۔ اس سرمہ کو آنکھ میں ڈالنے سے آشوب چشم' موتیا اور دیگر تمام آنکھوں کے درد انشاء اللہ تعالیٰ ختم ہو جائیں گے۔

**********************************

## سورۃ الشوریٰ کے فوائد

اس سورۃ کو لکھ کر مسافر کو پلائیں۔ راستہ میں اس کو پیاس بہت کم لگے گی۔ اور اگر مرگی کے مریض کے جسم پر چھڑکیں گے تو انشاء اللہ شفایاب ہو گا۔

اور پھر یہ بیماری اس کے کبھی بھی قریب نہیں آئے گی۔

* * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * *

## سورۃ الزخرف کے فوائد

اس سورہ کو جو بھی اپنی بیوی کو پلائے گا جو اس کی ہمیشہ مخالف ہو جھگڑالو ہو تو وہ اس کی اطاعت گزار ہو جائے گی اورر اس سورہ کا پانی پیٹ کی اکثر بیماری سے نجات عطا کرتا ہے اور اس سورہ کو لکھ کر اپنے پاس رکھنے والا ہر طرح کے شر سے محفوظ رہتا ہے اور اگر اس سورہ کو سوتے وقت اپنے سرہانے کے نیچے رکھیں تو ہمیشہ اچھے خواب آئیں گے۔ انشاء اللہ تعالیٰ

* * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * *

## سورۃ الدخان کے فوائد

اس سورہ کے پاس رکھنے والا بادشاہ کے شر اور اس کا پینے والا چغلخور کے شر سے محفوظ رہے گا۔ اور اگر اس سورہ کو پیدا ہوتے ہی بچے کے گلے میں باندھ دیں تو دیو جن، پری کے شر اور دیوانہ ہونے سے انشاء اللہ محفوظ رہے گا۔

* * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * *

## سورۃ الجاثیہ کے فوائد

اس سورہ کو اپنے پاس رکھنے والا ہر قسم کے ڈر خوف سے محفوظ رہے گا اور اس سورہ کو اگر سر کے نیچے رکھیں تو جن، پری اور دیو کے شر سے محفوظ رہیں گے۔

* * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * *

## سورۃ الاحقاف کے فوائد

چہرے پر داغ دھبے ہوں تو اس سورہ کو صاف و طاہر کاغذ پر لکھیں آب زمزم سے تحریر کو دھو کر مریض کو غسل کرائیں اور پلائیں انشاء اللہ تعالیٰ شفا ہو گی۔

* * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * *

## سورۃ محمد کے فوائد

جنگ و جدل میں جو اس سورہ کو ساتھ رکھے گا فتح و کامرانی نصیب ہو گی اور اس کے پینے والے پر رعب و زجر اثر نہیں کرے گا۔ اور جو اس کو سمندر میں پڑھے گا جملہ آفات سے محفوظ رہے گا۔ انشاء اللہ تعالیٰ

* * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * *

## سورۃ الفتح کے فوائد

اس سورہ کو پاس رکھنے والا بادشاہ کے ظلم سے محفوظ و مصئون رہے گا اور جس گھر کی دیوار یا کسی جگہ یہ سورہ رکھی ہو گی اس گھر میں شیطان نہیں آئے گا اور جو عورت اس کو لکھ کر پئے گی کثیر اللبن ہو گی۔ انشاء اللہ تعالیٰ

* * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * *

## سورۃ الحجرات کے فوائد

یہ سورہ جس مکان میں ہو گی۔ شیطان نہیں آئے گا اور اس کا متواتر گھر میں رکھنا شیطان کو ہمیشہ کے لئے دور کر دیتا ہے۔

* * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * *

## سورۃ ق کے فوائد

جو بھی اس سورہ کو لکھ کر بارش کے پانی سے حروف کو مٹا کر پئے گا خوف اور غم اس کے قریب نہیں آئیں گے اور جو پیٹ اور منہ کی تکلیف میں مبتلا ہو۔ خصوصاً پیٹ بڑھ رہا ہو منہ پھول رہا ہو تو وہ اس تکلیف سے امان پائے گا اور اگر اس کے پانی سے اس بچے کے منہ کو دھوئیں جس کے دانت نکلنے والے ہوں۔ تو اس کے دانت بغیر درد اور تکلیف کے نکلیں گے۔ انشاء اللہ تعالٰی

*******************************

## سورۃ الذاریات کے فوائد

دردِ زہ میں مبتلا عورت کو باندھیں بہت جلد فائدہ ہو گا۔

*******************************

## سورۃ الطور کے فوائد

اس سورہ کی ہمیشگی کے ساتھ تلاوت کرنے والا قیدی ہو گا تو جلد رہائی ملے گی مسافر ہو گا تو بخیریت واپس لوٹے گا۔ انشاء اللہ تعالٰی

*******************************

## سورۃ النجم کے فوائد

بچہ زیادہ روتا ہو تو اس سورہ کی آیت نمبر ۵۹ کو لکھ کر اس کے گلے باندھیں **افمن ھذا الحدیث تعجبون وتضحکون ولاتبکون وانتم سامدون** انشاء اللہ تعالٰی بچہ کم روئے گا۔

*******************************

## سورۃ القمر کے فوائد

جو اس سورہ کو جمعہ کے دن ظہر کے وقت لکھ کر اپنے عمامہ کے نیچے رکھے گا عوام الناس میں انشاء اللہ محبوب و مقبول ہو گا۔

*****************************

## سورۃ الرحمٰن کے فوائد

یہ سورۃ تلی اور دل کے مریض کو پلائیں۔ زیادہ سونے والے اور مرگی کے مریض کو باندھیں انشاء اللہ تعالیٰ جلد شفاء ملے گی اور اگر گھر کی کسی دیوار میں رکھیں تو غم واندوہ گھر سے دور رہے گا۔

*****************************

## سورۃ الواقعہ کے فوائد

اس سورہ کو ولادت کے وقت عورت کو باندھیں ۔ ولادت آسانی سے ہو گی۔ انشاء اللہ تعالیٰ

*****************************

## سورۃ الحدید کے فوائد

جنگ و قتال میں اس سورہ کو ساتھ رکھنے والا لوہے کے وار سے محفوظ رہے گا۔ لوہے پر اسے دم کر دیں تو بھی کوئی نقصان نہ ہو گا۔ نیز خسرہ، ورم اور زخم کے لئے اس کا پانی پینا اور لگانا بے حد مفید ہے۔ اس کا پاس رکھنے والا جملہ بلیات سے محفوظ رہے گا۔ انشاء اللہ تعالیٰ

*****************************

## سورۃ المجادلہ کے فوائد

مریض کے قریب پڑھیں تسکین ملے گی۔ محزون و مغموم' خوش و خرم رہے گا۔ اس سورہ کا پانی پھوڑے پھنسی پہ ڈالیں تو وہ کبھی بھی نہ پھیلے گا۔ اور اس کا پڑھنے والا ہر طرح کی برائی سے بچا رہتا ہے۔ انشاء اللہ تعالیٰ

**************************

## سورۃ الحشر کے فوائد

اس سورہ کو شیشہ کے گلاس میں لکھیں اور بارش کے پانی سے غسل دے کر پئیں انشاء اللہ تعالیٰ حادثاتی موت سے محفوظ رہیں گے۔

**************************

## سورۃ الممتحنتہ کے فوائد

یہ سورہ تلی کے مریض کو تین مرتبہ لکھ کر پلائیں انشاء اللہ تعالیٰ تکلیف دور ہو جائے گی۔

**************************

## سورۃ الصف کے فوائد

جو سفر میں اسے کثرت سے پڑھے گا۔ انشاء اللہ صحیح و سالم واپس پلٹے گا۔

**************************

## سورۃ الجمعہ کے فوائد

جو اس سورہ کو دن رات صبح و شام مسلسل پڑھے گا وہ انشاء اللہ تعالیٰ

شیطانی وسوسوں سے محفوظ رہے گا۔

* * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * *

## سورۃ المنافقون کے فوائد

پھوڑے پھنسی کی بیماری کے لئے پڑھیں انشاء اللہ تعالی شفاء ملے گی۔

* * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * *

## سورۃ التغابن کے فوائد

جو اس کو پڑھ کر اپنے افسر اور حاکم کے پاس جائے گا یہ سورہ اس کی کفایت کرے گی۔

* * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * *

## سورۃ الطلاق کے فوائد

اس سورہ کو گھر کی چھت پر لکھیں اور پھر اس پانی کو گھر میں چھڑکیں' قتال' فراق اور بغض سے محفوظ رہیں گے۔ انشاء اللہ تعالی

* * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * *

## سورۃ التحریم کے فوائد

مرگی کا مرض' جسم پر پھوڑے' پھنسی ہوں جلد پھٹ جائے۔ نیند نہ آتی ہو۔ بخار سے کپکپی لگی ہوئی ہو تو مریض پر اس سورہ کو دم کریں اور جو اس سورہ کو مسلسل کثرت سے پڑھے تو اس پر قرض باقی نہ رہے گا۔ انشاء اللہ تعالی

* * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * *

## سورۃ الملک کے فوائد

مرنے والے کے سرہانے پڑھیں جان نکلنے میں آسانی ہو گی اور قبر کے عذاب سے نجات ملے گی۔ انشاء اللہ تعالی

*****************************

## سورۃ القلم کے فوائد

جس کو درد شقیقہ دانت اور داڑھ کا درد ہو تو اس سورہ کو لکھ کر درد کی جگہ پر رکھیں یا باندھیں انشاء اللہ تعالیٰ سکون ملے گا۔

*****************************

## سورۃ الحاقہ کے فوائد

یہ سورہ دم کرنے سے مجنون کو شفاء دیتی ہے۔ اس کی ذکاوت واپس لاتی ہے اور یہ پاس ہو تو ہر بلا اور آفت' شیطانی وسوسوں سے نجات دلاتی ہے۔

*****************************

## سورۃ المعارج کے فوائد

اس سورہ کی تلاوت کر کے سونے والا احتلام وغیرہ سے صبح تک بچا رہے گا۔

*****************************

## سورۃ نوح کے فوائد

جو ہمیشہ دن رات چلتے بیٹھتے اس کی تلاوت کرے گا۔ اس کی حاجات پوری

ہوں گی۔ دیوانگی سے محفوظ رہے گا اور اس کو لکھ کر دھو کر پینے والا دیکھی اور سنی جانے والی نقصان وہ اشیاء سے بچا رہے گا۔ اور جس جگہ یہ سورہ پڑھی جائے گی نقصان دینے والے جن ' دیو اور پری نہیں رہیں گے۔ اس کو پڑھ کر حاکم کے پاس جانے سے اس کا غضب ختم ہو جاتا ہے اور وہ شفقت سے پیش آتا ہے۔ محزون و غمگین کو اس کی تلاوت سے سکون ملتا ہے۔ اس کی کثرت سے تلاوت مقروض کو قرض سے نجات دلاتی ہے۔

*******************************

## سورۃ المزمل کے فوائد

جو کثرت سے پڑھے گا۔ خواب میں پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو دیکھے گا۔

*******************************

## سورۃ المدثر کے فوائد

جو اس سورہ کو دن رات مسلسل کثرت سے پڑھے گا اور آخر میں اپنی حاجت طلب کرے گا پوری ہو گی۔ قیامت میں قرآن اس کی شفاعت کرے گا۔ اس سورہ کی قرات دل کو طاقت دیتی ہے اور اس کا پانی پینا بدنی کمزوریوں کو دور کرتا ہے۔

*******************************

## سورۃ المرسلات کے فوائد

جھگڑے اور تنازعہ میں اس کی قرات فتح دلاتی ہے اور پھنسی پھوڑے پر

باندھنے سے شفا دیتی ہے۔

* * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * *

## سورۃ النباء

جو اس سورۃ کو ہرنی کی باریک کھال پر عرق گلاب اور زعفران سے لکھ کر اپنے پاس رکھے گا۔ اس کی نیند کم ہو جائے گی روشن دماغ ہو جائے گا اور محفوظ رہے گا۔ گفتگو کم ہو جائے گی اور دانشمندی کی باتیں کرے گا۔ زراعت میں اس کا پانی دیا جائے تو پودے عظیم قوت لیکر اگیں گے۔ اور اس کا پانی پینا پیٹ کی جملہ بیماریوں کو شفاء عطا کرتا ہے۔

* * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * *

## سورۃ النازعات کے فوائد

جو اس سورۃ کو دشمن اور ظالم سلطان سے نجات کے لئے پڑھے گا اسے امن و امان نصیب ہو گا۔

* * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * *

## سورۃ عبس کے فوائد

جو اس سورۃ کو اپنے پاس رکھے گا اچھائیاں اس کا مقدر بن جائیں گی اور یہ سورۃ مہمات میں حامل کی کفایت کرتی ہے۔ اور اگر اسے سوکھے چشمے پر پڑھا جائے تو تین دن نہ گزریں گے کہ اس جگہ سے سات سات چشمے پھوٹ نکلیں گے اور مدفون کی قبر پر پڑھیں فرشتوں کے سوال و جواب میں آسانی ہو جائے گی۔

* * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * *

## سورۃ انفطار کے فوائد

اس سورۃ کی تلاوت مسجون کو رہائی دلاتی ہے۔ بند دروازے کھول دیتی ہے۔ خوف و دہشت زدہ انسان کو امن و سکون بخشتی ہے۔ محزون پر دم کرنے سے وہ ٹوٹ پھوٹ کا شکار ہونے سے بچ جاتا ہے۔ حاملہ عورت کو ولادت کے وقت باندھنے سے ولادت میں آسانی ہوتی ہے۔ اور جب وضع حمل ہو جائے تو فوراً اس سورۃ کو ہٹا دینا چاہیے۔ حشرات الارض سے محفوظ رکھتی ہے۔ برص اور دیگر جلدی بیماریوں سے بچاتی ہے۔ سکون عطا کرتی ہے اور اگر اسے گھر کی دیوار پر لکھیں تو تمام غموں اور پریشانیوں کو دور کر دیتی ہے۔ انشاء اللہ تعالیٰ

*******************************

## سورۃ البروج کے فوائد

جو اس سورۃ کو اپنے بستر پر پڑھے گا ہر طرح کی آفت سے محفوظ رہے گا۔ جو اپنے گھر سے نکلتے وقت پڑھے گا۔ سفر بخیریت گزرے گا اور جو کچھ گھر میں مال و اہل و عیال و دیگر اشیاء ہوں گی محفوظ رہیں گی۔ اور اس سورۃ کو ابتداء سے لے کر **قتل اصحٰب الاخدود کلمی شر الزبانیتہ** تک ضرور پڑھنا چاہیے۔

*******************************

## سورۃ الطارق کے فوائد

مجروح کو اس سورۃ کے پانی سے غسل کرائیں سکون ملے گا۔ شرم و حیا قائم رہے گی۔ پاؤں کی ایڑیاں پھٹ گئی ہوں تو صحیح ہو جائیں گی۔ اس کی تلاوت کرنے والے کو امن و سکون ملتا ہے۔ اور اس کا پانی پینے والا جس بھی بیماری میں

مبتلا ہوتا ہے شفاء پاتا ہے۔

* * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * *

## سورۃ الاعلیٰ کے فوائد

کان کی جملہ تکالیف' بواسیر' گھٹنوں کے ورم اور جوڑوں کے درد کے لئے اس سورۃ کی کثرت سے تلاوت کریں اور مطلوبہ جگہ پر دم کریں۔

* * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * *

## سورۃ الغاشیہ کے فوائد

اس سورۃ کے پڑھنے سے جس بھی مشکل میں ہوں گے آسان ہو جائے گی اور اگر نو مولود پر دم کریں تو اللہ تعالیٰ اس کی حفاظت فرمائیں گے۔

* * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * *

## سورۃ الفجر کے فوائد

اس سورۃ کو دن میں گیارہ بار پڑھیں انشاء اللہ حالات درست رہیں گے۔ اللہ تعالیٰ اولاد عطا فرمائے گا۔

* * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * *

## سورۃ البلد کے فوائد

ناک کے اندر تکلیف ہو تو اس سورۃ کے پانی کو ناک میں ڈالیں شفا ملے گی اور بچہ پیدا ہونے کے بعد یہ سورۃ اس کے گلے میں باندھیں تمام نقائص سے پاک رہے گا۔

* * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * *

## سورۃ والشمس کے فوائد

پیچش اور ایسے بخار میں جس سے کپکپی لگ جاتی ہو تو اس سورۃ کا پانی مریض کو پلائیں شفاء ملے گی۔

* * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * *

## سورۃ واللیل کے فوائد

مرگی، جلد طیش میں آنے والے مریض کے کان میں دم کر کے اس سورۃ کو پھونکیں انشاء اللہ سکون ملے گا۔

* * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * *

## سورۃ والضحی کے فوائد

کوئی چیز بھول گئی ہو تو اس سورۃ کو پڑھیں انشاء اللہ جلد یاد آجائے گی اور مل جائے گی۔

* * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * *

## سورۃ الانشراح کے فوائد

درد گردہ میں اس سورۃ کا پانی مریض کو پلائیں انشاء اللہ پتھری ٹوٹ جائے گی اور مثانہ کھل جائے گا۔ نیز اس کا پانی بخار میں بھی آرام و سکون بخشتا ہے اس سورۃ کی قرات سینہ اور دل و جگر کو قوت عطا کرتی ہے۔

* * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * *

## سورۃ والتین کے فوائد

اس سورۃ کو جس کھانے پر دم کر کے کھائیں گے اللہ تعالیٰ اس میں شفاء کی قوت پیدا کر دے گا۔

* * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * *

## سورۃ العلق کے فوائد

اس سورۃ کو سمندر میں سفر کے دوران یا سمندری طوفان کے وقت پڑھیں صحیح و سالم رہیں گے۔

* * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * *

## سورۃ القدر کے فوائد

اس سورۃ کو جو مصیبت زدہ و پریشان حال پڑھے گا سکون ملے گا۔ جو اس سورۃ کا پانی بنا کر پئے گا اللہ تعالیٰ اس کی بصیرت کو نور' دل کو یقین اور حکمت عطا کرے گا اور اگر اسے مریض' مسافر مہموم اور قیدی پڑھے گا تو اس کی مراد پوری ہو گی۔ اور اگر اسے زراعت کے لئے تلاوت کریں گے اور اس پر دم کر کے پھونکیں گے تو اللہ اس میں برکت ڈالے گا۔

بلغم کو ختم کرنے کے لئے عرق گلاب میں دودھ ملا کر اس پر اس سورۃ کا دم کریں مریض کو پلائیں شفا ہو گی۔

کسی بھی عورت کی طبیعت میں شدید چڑچڑا پن ہو' غضبی کیفیت انتہا درجے پر ہو تو سورۃ قدر کو کسی بھی آئینہ پر زعفران سے لکھ کر تاریک مکان میں عورت اس آئینہ کو بار بار دیکھے انشاء اللہ مرض سے نجات ملے گی۔

سورج ڈھلنے کے وقت جو اس سورۃ کی سو مرتبہ تلاوت کرے گا خواب میں پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت نصیب ہو گئی۔

اس سورۃ کو مٹی کے نئے ٹھیکرے پر لکھیں اور بارش کے پانی سے دھوئیں بعدازاں اس میں حسب ضرورت شکر ملالیں' پھر یہ پانی جگر کے درد میں مبتلا مریض کو پلائیں اللہ تعالیٰ کے حکم سے درد ختم ہو جائے گا۔

جو اس سورۃ کو جمعہ کی رات سو مرتبہ پڑھے گا منافقت اس سے ہمیشہ دور رہے گی۔ حج کا ارادہ ہو تو نیا لباس پہنیں اور ایک گلاس میں پانی لے لیں اور اس پر پینتیس مرتبہ اس سورۃ کی تلاوت کر کے اس لباس پر چھڑکیں بعدازاں چار رکعت نماز دو دو رکعت کر کے پڑھیں ان رکعات میں **مَاشَاءَ اللّٰهُ لَاحَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْم** بھی شروع میں پڑھیں بعدازاں اللہ تعالیٰ سے حج کی دعا کریں انشاء اللہ موفق ہونگے۔

* * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * *

## سورۃ البینہ کے فوائد

اس سورۃ کو پاس رکھنے والا صحیح و سالم رہے گا۔ اس کا پانی بنا کر پینے اور گلے میں باندھنے سے یرقان کے مریض اور آنکھوں میں موتیا اتر آنے والے شخص کو شفا ملتی ہے۔ اس کی تلاوت زہر ملے کھانے کا اثر ختم کر دیتی ہے۔ دو گروہ اگر لڑائی جھگڑے پر آمادہ ہوں تو چوراہے سے مٹھی بھر مٹی لے کر اس پر اس سورۃ کی تلاوت کریں اور ان کی طرف پھینک دیں۔ علیحدہ علیحدہ ہو جائیں گے۔ ہر قسم کے ورم پر انگلی سے لکھیں ورم ختم ہو جائے گا۔

* * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * *

## سورۃ الزلزلہ کے فوائد

اس کی تلاوت کرنے والے کو ظالم بادشاہ سے امان نصیب ہو گی۔

*******************************

## سورۃ العادیات کے فوائد

خائف، غم واندوہ میں گھرے ہوئے، بھوکے، پیاسے اور قرض دار کو اس سورۃ کی قرات نجات عطا کرتی ہے۔

*******************************

## سورۃ القارعہ کے فوائد

وسعت رزق کے لئے اس سورۃ کو اپنے پاس لکھ کر رکھیں۔

*******************************

## سورۃ التکاثر کے فوائد

درد سر کے لئے اس کی تلاوت مفید ہے۔

*******************************

## سورۃ العصر کے فوائد

محزون و مہموم کے لئے پڑھیں سکون ملے گا اور جو اس کو جمعہ کی رات بارہ بجے کے بعد لکھ کر اپنے پاس رکھے گا اور سلطان کے پاس جائے گا مراد پوری ہو گی اس کے غضب سے امان ملے گی۔

*******************************

## سورۃ الھمزہ کے فوائد

آنکھ کے درد سے اس کی تلاوت نجات دیتی ہے۔

* * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * *

## سورۃ الفیل کے فوائد

جو اسے جنگ و جدل میں پڑھے گا فاتح قرار پائے گا۔ دشمن لشکر کی طرف پڑھیں گے تو دشمن بھاگ جائے گا۔ جس تیر کے ساتھ باندھ کر پھینکیں گے نشانے پر لگے گا اور ھدف کو توڑ دے گا۔

* * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * *

## سورۃ القریش کے فوائد

کھانے پر پڑھیں ضرر سے بچ جائیں گے اور جس کو شدید بھوک لگی ہو اور کھانا نہ مل رہا ہو وہ اس کی سورج طلوع ہونے سے پہلے تلاوت کرے اللہ تعالٰی طعام کے ملنے میں آسانیاں پیدا کر دے گا۔

* * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * *

## سورۃ الماعون کے فوائد

جو اس سورۃ کی نماز فجر کے بعد سو مرتبہ تلاوت کرے گا وہ ہمیشہ اللہ تعالٰی کی امان میں رہے گا۔

* * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * *

## سورۃ الکوثر کے فوائد

خون خوار درندہ ضرر پہنچانا چاہتا ہو تو اس سورۃ کو تین بار دائیں اور تین بار بائیں پڑھیں پھر اسے پاؤں کا تلوہ ماریں وہ رک جائے گا۔

******************************

## سورۃ الحجد کے فوائد

جو اس سورۃ کو سورج کے طلوع ہونے کے وقت دس مرتبہ پڑھنے کے بعد دعا کرے گا جو بھی ارادہ رکھتا ہو گا پورا ہو گا۔

******************************

## سورۃ تبت کے فوائد

درد و تکلیف اور ہر مرض کے لئے پڑھ کر دم کریں اللہ تعالیٰ شفاء عطا کرے گا۔

******************************

## سورۃ اخلاص کے فوائد

آشوب چشم کے لئے اس کو پڑھیں اللہ تعالیٰ کے حکم سے شفاء ملے گی۔

******************************

## سورۃ المعوذتین کے فوائد

جو ان سورتوں کو ہر رات پڑھے گا جن' دیو' پری' اور شیطانی وسوسوں سے محفوظ رہے گا۔ بچے کے گلے میں باندھیں جن اور دیو کے سایہ سے محفوظ رہے

گا۔

حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام فرماتے ہیں کہ جو کوئی ایسی مصیبت میں مبتلا ہو اور جائے پناہ نہ ملتی ہو اسے چاہیے کہ سورہ آل عمران آیت نمبر ۱۷۳ **حسبنا اللہ ونعم الوکیل** کو کثرت سے پڑھے کیونکہ اللہ تعالیٰ اس کے جواب میں یہ فرماتے ہیں **فانقلبوا بنعمتہ اللہ وفضل لم یمسسھم سوء** (سورۂ آل عمران آیت نمبر۱۷۴)

اور یہ بھی چھٹے امام علیہ السلام سے روایت ہے کہ جو غمگیں ہو اور غم سے چھٹکارا ناممکن ہو تو اسے چاہیے کہ اس آیہ مبارکہ کی کثرت سے تلاوت کرے۔ **لاالہ الا انت سبحانک انی کنت من الظالمین** (سورۂ انبیاء آیت نمبر ۸۷) کو کثرت سے پڑھیں کیونکہ اللہ تعالیٰ اس کے جواب میں فرماتے ہیں **فاستجبنا لہ و نجیناہ من الغم و کذلک ننجی المومنین** (سورۂ انبیاء آیت نمبر۸۸)

اور یہ بھی چھٹے امام علیہ السلام سے روایت ہے کہ جو اپنے حق کے حصول کے لئے سرگرداں ہو اور حق نہ مل رہا ہو تو اسے چاہیے کہ اس آیت **افوض امری الی اللہ ان اللہ بصیر بالعباد** (سورۂ المومن آیت نمبر ٦٦) کو کثرت سے پڑھے کیونکہ اللہ تعالیٰ اس کے جواب میں فرماتے ہیں **فوقہ اللہ سیئات ما مکروا وحاق** (سورۂ المومن آیت نمبر۴۵) حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام فرماتے ہیں کہ جو کوئی مال دنیا کا طالب ہو اور وہ اسے نہ ملتا ہو تو اسے چاہیے کہ وہ **مَاشَاءَ اللّٰہُ لَاحَوْلَ وَلَاقُوَّۃَ اِلَّابِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ** کو کثرت سے پڑھے۔

حضرت امام آخر الزمان صاحب الامر علیہ السلام نے دعا جناب میر محمد باقر داماد رحمتہ اللہ علیہ کو تعلیم فرمائی اور فرمایا کہ جو بھی حالت اضطرار میں ایک ہفتہ

پھر ہر نماز فریضہ کے بعد پڑھے گا انشاء اللہ اس کی دعا مستجاب ہو گی۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

اِلٰهِیْ بِحَقِّ خَمْسَتِہٖ مُحَمَّدٍ رَسُوْلِکَ وَعَلِیٍّ وَصِیِّ رَسُوْلِکَ فَاطِمَۃَ بِنْتِ رَسُوْلِکَ وَالْحَسَنِ وَالْحُسَیْنِ سِبْطَیْ رَسُوْلِکَ وَبِعِزَّتِکَ جَلَالِ وَجْهِکَ الْکَرِیْمِ اَنْ تُصَلِّیَ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ وَاَنْ تَجْعَلَ لِیْ مِمَّا اَنَا فِیْہِ فَرَجًا" وَمَخْرَجًا" قَرِیْبًا" سَرِیْعًا" بِرَحْمَتِکَ الَّتِیْ لَا یَضِیْقُ مِنْ شَیْءٍ وَبِقُدْرَتِکَ الَّتِیْ لَا یَتَکَلَّمُ مِنْ اِجَابَتِکَ شَیْئٌ فِی السَّمٰوٰتِ وَلَا فِی الْاَرْضِ تَفَابَقِیْ تَنْفَرِجِیْ

فتح کے لئے عجائب کے ظہور کے لئے اور جابر و ظالم کر گرفت سے آزاد ہونے کے لئے درج ذیل دعا کو لکھ کر اپنے پاس رکھیں انشاء اللہ موفق ہوں گے۔

اَللّٰهُمَّ اِنَّہٗ لَیْسَ فِی السَّمٰوٰتِ دَوَرَاةٌ وَّلَا فِی الْاَرْضِ ثَمَرَاتٌ وَّلَا فِی الشَّجَرِ وَدَقَاتٌ وَّلَا فِی الْاَجْسَادِ حَرَکَاتٌ وَّلَا فِی الْعُیُوْنِ لَحَنَاتٌ وَّلَا فِی النُّفُوْسِ خَطَرَاتٌ اِلَّا وَهِیَ بِکَ عَارِفَاتٌ وَلَکَ شَاهِدَاتٌ وَعَلَیْکَ دَالَّاتٌ وَّلَا فِیْ مُلْکِکَ مُتَحَیِّرَاتٌ فَبِالْقُدْرَۃِ الَّتِیْ سَخَّرْتَ بِهَا اَهْلَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ سَخِّرْلِیْ قُلُوْبَ الْمَخْلُوْقَاتِ اِنَّکَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ بِالْاِجَابَۃِ جَدِیْرٌ وَصَلَّی اللّٰہُ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِہٖ اَجْمَعِیْنَ

*******************************

واذ قتلتم فادارأتم فیها والله مخرج ما کنتم تکتمون ○ فقلنا اضربوا ببعضها کذلک یحی الله الموتی ویریکم ایاته لعلکم تعقلون ○ (سورۃ البقرا۔ ٦٩)

ان دونوں آیات کو اپنی ہتھیلی پر لکھ کر سوتے ہوئے شخص کے سینہ پر ہتھیلی رکھ دیں جو کچھ اس کے دل میں ہو گا بتا دے گا۔

اگر کسی حیوان کے کسی جگہ درد ہو تو کسی بھی درخت کی تازہ شاخ لے کر اس پر جمعہ کے دن طلوع آفتاب کے وقت چالیس بار دم کر کے حیوان کی درد والی جگہ پر سات مرتبہ ماریں اور اس سے پہلے اپنا لعاب دہن درد والی جگہ پر ضرور لگائیں انشاء اللہ تعالیٰ درد جاتا رہے گا۔

*****************************

# نادِ علی کے پندرہ فوائد

## از امام جعفر صادق علیہ السلام

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ نَادِ عَلِیًّا مَظْھَرَ الْعَجَائِبِ تَجِدْہُ عَوْنًا" لَکَ فِی النَّوَائِبِ کُلُّ ھَمٍّ وَغَمٍّ سَیَنْجَلِیْ بِعَظَمَتِکَ یَااَللّٰہُ وَبِنُبُوَّتِکَ یَارَسُوْلَ اللّٰہِ وَ بِوِلَایَتِکَ یَا عَلِیُّ یَا عَلِیُّ یَا عَلِیُّ" اَدْرِکْنِیْ فِیْ سَبِیْلِ اللّٰہِ

۱- بڑی سے بڑی مہم و دشواری ہو ہر روز ۴۱ بار پڑھیں انشاء اللہ تعالیٰ بہت جلد آسان ہو جائے گی۔

۲- برائے حصول مقاصد ۶۶ مرتبہ ہر روز تا حصول مراد پڑھیں بہت جلد منزل مقصود کو پہنچیں گے۔

۳- برائے مریض جو زندگی سے مایوس ہو چکا ہو ۷ مرتبہ بارش کے پانی پر دم کر کے تا صحت پلاتے رہیں' انشاء اللہ تعالیٰ شفایاب ہو گا۔

۴- دماغی خلل جن آسیب وغیرہ کے لئے ۱۵ مرتبہ پانی پر دم کر کے چھینٹا دے۔ انشاء اللہ دفع ہو جائے گا۔

۵- حب کے لئے ۴۷ مرتبہ پڑھ کر اپنے ہاتھوں پر دم کر کے سارے بدن پر پھیر لیا کریں جس سے بات کریں مطیع و مسخر ہو جائے گا۔

۶- کیسا ہی رنج و غم ہو ہزار بار روزانہ باطہارت پڑھیں بفضل خدا غم کافور ہو جائے گا۔

۷- اگر کسی کو کوئی پیغام دے کر بھیجے اور امر دشوار ہو کہ نہ معلوم میرا پیغام منظور ہو گا یا نہیں تو چپکے سے ۳ بار پڑھ کر اس کے کان میں دم کریں انشاء اللہ کامیاب واپس آئے گا۔

۸ - اگر کسی پر تہمت لگائی گئی ہو یا کوئی ملزم کسی الزام میں پکڑا گیا ہو۔ تو تاصفائی ۴۰ مرتبہ ہر روز پڑھ کر اپنے اوپر دم کر لیا کریں انشاء اللہ تہمت و الزام سے بری ہو جائیں گے۔

۹ - اگر کہیں سے کسی بات کا یا خط وغیرہ کا جواب منگوانا ہو اور نہ آتا ہو تو قبل نماز عشاء اس طرف منہ کر کے ۶۵ بار پڑھ کر دم کر لیا کریں۔ انشاء اللہ تین روز میں جواب آئے گا۔

۱۰ - برائے حصول دولت و ثروت جاہ و حشم ۹۱ مرتبہ روزانہ بعد نماز فجر پڑھ لیا کریں چند روز میں کچھ سے کچھ ہو جائے۔ چاہیے کہ تازندگی ترک نہ کریں اور وقت اور جگہ کی پابندی رکھیں۔ بوجہ مجبوری اور اگر کہیں جائیں، تو مصلی ضرور ساتھ لے جائیں۔

۱۱ - مزید دولت وجاہ وحشمت کے لئے ۵۰۰ بار وقت و جائے معین پر پڑھیں بہت جلد کامیابی ہو گی۔

۱۲ - دشمن کو مطیع کرنا ہو تو اس کا تصور کر کے ۱۸ بار پڑھ لیا کریں۔

۱۳ - کسی مہم کو جلد آسان کرنا ہو تو نماز قضائے حاجت کی نیت سے ہر رکعت میں بعد الحمد کے بعد سورہ اخلاص کو تین تین بار پڑھیں اور اس کا ثواب علی مرتضیٰ مشکل کشا شیر خدا علیہ السلام کی خدمت اقدس میں ہدیہ پیش کریں۔ بعدہ ۷۰ بار نادعلی پڑھیں انشاء اللہ اسی دن کامیابی حاصل ہو گی۔ ورنہ تین دن تک یہ عمل ضرور کریں۔

۱۴ - دشمنوں اور بدخواہوں کی زبان بند کرنے کی نیت سے بعد ہر نماز دس بار پڑھ لیا کریں۔

۱۵ - حضور پرنور سید عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا دیدار کرنے کے لئے کامل طہارت کے ساتھ بعد نماز عشاء اول و آخر درود شریف سو بار اور ۵۰۰

بار نادعلی پڑھیں۔ انشاء اللہ العزیز اسی شب میں دولت دیدار سے مشرف ہو جائیں گے۔

(نوٹ) درود شریف ہر عمل کے ساتھ ۳ یا ۷ یا ۹ یا ۱۱ بار مقدور بھر پڑھنا چاہیے۔

* * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * *

* * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * *

# عمل نادعلی

نادعلی شریف قضائے حاجت حل مشکلات میں مشہور و مقبول ہے۔ "جواہر خمسہ" میں ہے کہ غزہ تبوک میں جب لشکر اسلام پر شکست کے آثار ظاہر ہوئے تو سرور کائنات صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم مسلمانوں کی پریشانی دیکھ کر مغموم ہونے لگے۔ اس وقت حضرت جبرئیل علیہ السلام یہ کلمات یعنی نادعلی شریف لیکر آئے اور سید عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے انہیں پڑھا، تین مرتبہ بھی پورے نہ ہوئے تھے کہ شیر خدا ناصر نبوت علی المرتضیٰ علیہ السلام مسلمانوں کی مدد کو آن پہنچے اور لشکر کفار پر عقاب کی طرح جھپٹے۔ چند ہی ساعت میں کچھ قتل ہوئے باقی فرار ہو گئے۔ اس فتح سے بہت سا مال غنیمت مسلمانوں کے ہاتھ آیا۔ گویا نادعلی شریف ایسے دشوار اور مشکل مواقع پر تیر بہدف دعاء ثابت ہوتی ہے۔ ہر مہم میں ۴۴ بار بعد نفل کھڑے ہو کر پڑھیں

اول و آخر درود شریف گیارہ بار پڑھیں۔

* * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * *

# نادِ علیؑ کبیر

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

نَادِ عَلِیًّا مُظْهِرَ الْعَجَائِبِ تَجِدْهُ عَوْنًا لَّکَ فِی النَّوَائِبِ کُلُّ هَمٍّ وَّغَمٍّ اِلَی اللّٰهِ حَاجَتِیْ وَ عَلَیْهِ مُعَوَّلِیْ کُلَّمَا رَمَیْتُ مُتَقَاضِیًا فِی اللّٰهِ وَ یَاللّٰهِ لِیْ وَلِیَ اللّٰهِ لِیْ اَدْعُوْکَ کُلُّ هَمٍّ وَ غَمٍّ سَیَنْجَلِیْ بِعَظَمَتِکَ یَااَللّٰهُ وَبِنُبُوَّتِکَ یَامُحَمَّدُ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ وَ بِوِلَایَتِکَ یَاعَلِیُّ یَاعَلِیُّ اَدْرِکْنِیْ بِحَقِّ لُطْفِکَ الْخَفِیِّ اَللّٰهُ اَکْبَرُ اَللّٰهُ اَکْبَر۔ اَنَا مِنْ شَرِّ اَعْدَائِکَ بَرِیٌّ بَرِیٌّ اللّٰهِ صَمَدِیٌّ بِحَقِّ اِیَّاکَ نَعْبُدُ وَ اِیَّاکَ نَسْتَعِیْنُ یَا اَبَاالْغَیْثِ اَغِثْنِیْ یَاعَلِیُّ اَدْرِکْنِیْ یَاقَاهِرَ الْعَدُوِّ وَ یَاوَالِیَ الْوَلِیِّ یَا مُظْهِرَ الْعَجَائِبِ یَامُرْتَضٰی عَلِیْ یَا قَهَّارُ تَقَهَّرْتَ بِالْقَهْرِ وَالْقَهْرُ فِیْ قَهْرِ قَهْرِکَ یَا قَهَّارُ یَاذَاالْبَطْشِ الشَّدِیْدِ اَنْتَ الْقَاهِرُ الْجَبَّارُ الْمُهْلِکُ الْمُنْتَقِمُ الْقَوِیُّ الَّذِیْ لَایُطَاقُ اِنْتِقَامُهٗ وَاُفَوِّضُ اَمْرِیْ اِلَی اللّٰهِ اِنَّ اللّٰهَ بَصِیْرٌ بِالْعِبَادِ وَاِلٰهُکُمْ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ لَااِلٰهَ اِلَّا هُوَالرَّحْمٰنُ الرَّحِیْمُ حَسْبِیَ اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَکِیْلُ نِعْمَ الْمَوْلٰی وَ نِعْمَ النَّصِیْرُ یَاغِیَاثَ الْمُسْتَغِیْثِیْنَ اَغِثْنِیْ یَاارْحَمَ الْمَسَاکِیْنِ ارْحَمْنِیْ یَاعَلِیُّ اَدْرِکْنِیْ یَاعَلِیُّ اَدْرِکْنِیْ بِرَحْمَتِکَ وَمَنِّکَ وَجُوْدِکَ یَاارْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ ○

"حرف اول"

# روائح الغیب فی دفع التردید و الریب

**بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ○ وَبِہٖ نَسْتَعِیْنُ اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعَالَمِیْنَ وَصَلَّی اللّٰہُ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاٰلِہٖ اَجْمَعِیْنَ سِیَّمَا اَمِیْرِ الْمُؤْمِنِیْنَ عَلَیْہِ السَّلَامُ اَمَّا بَعْدُ** ○ جیسا کہ اللہ تعالیٰ کلام مجید میں فرماتے ہیں کہ **شاورھم فی الامر** اپنے امور طے کرنے میں (دوستوں) سے مشورہ کرو۔ حدیث شریف میں بھی ملتا ہے کہ **ماحار من استخار ولا ندم من استشارہ** استخارہ کرنے والا کبھی پریشان نہیں ہوتا اور مشورہ کرنے والا کبھی شرمندہ نہیں ہوتا۔

استخارہ اور استشارہ ہر مطالب و مقاصد میں نہایت ضروری ہوتا ہے۔ اہم امور میں تمام لوگوں حتیٰ کہ انبیاء و مرسلین علیہم السلام کو بھی حسب المقدور استخارہ و استشارہ کے لئے مامور کیا گیا ہے۔ اخبار و احادیث کی کتب میں آئمہ اطہار علیہم السلام سے استخارہ و استشارہ کے متعدد طریقے مسطور ہیں۔ اکثر لوگ باوجود کچھ فیصلے نہیں کرپاتے جس کی وجہ سے مضطرب و پریشان رہتے ہیں۔ اس لئے معصومین علیہم السلام نے استخارہ و استشارہ سے سہارا لینے کے لئے فرمایا ہے۔

مشورہ کو استخارہ پر مقدم رکھا گیا ہے اور فرمایا **الاستشارۃ خیر من الاستخارہ** مشورہ استخارہ سے بہتر ہے۔ یاد رکھیں جس کام میں پریشانی ہو' فیصلہ نہ کرپا رہے ہوں' اسی کام میں استخارہ کریں۔ جو امور صرف مشورہ سے بھی حل نہ

ہو رہے ہوں۔ میں سمجھتا ہوں کہ مشورہ تو ہر کام میں درست ہے اور کرنا چاہیے۔ چاہے کام آسان ہو یا مشکل۔ مگر استخارہ ہر کام میں مناسب قدم نہیں ہے۔ جس امر میں فیصلہ کرنا آسان ہو مشورہ ہو سکتا ہو ایسے امور کے لئے استخارہ سے اجتناب بہتر ہے۔

استخارہ و استشارہ کے لئے ویسے تو بہت سی احادیث و فرامین ملتے ہیں اور طریقے بھی بے حد تعلیم کئے گئے ہیں۔ مگر اس وقت طوالت سے بچنے کے لئے جو کچھ کتب میں پڑھا ہے۔ استخارہ اور استشارہ کی فضیلت' کیفیت' آداب' ادعیہ خصوصاً جناب غنی ابن عبدالرزاق عبدالنبی عفی اللہ عن جرائمھا وجعل القرآن شفیعا" لھما کی تحریر کردہ استخارہ کی اقسام کو اجمالا" ضبط تحریر میں لانے کی سعی کر رہا ہوں تاکہ مومنین کرام اس کاوش سے سہولت و آسانی سے استفادہ کر سکیں۔ امید واثق ہے کہ مومنین کرام اس گنہگار اور اس کے والدین کو دعاء مغفرت میں ضرور یاد رکھیں گے اور میں ان مومنین کرام کے لئے دلی طور پر دعاگو ہوں کہ جنہوں نے اس کتاب کی طباعت میں میرے ساتھ معاونت فرمائی اللہ تعالیٰ بطفیل معصومین علیہم السلام ان کو اجر عظیم عطا فرمائے' ان کے مرحومین کی مغفرت فرمائے۔ آمین ثم آمین۔ کتاب کے اس حصے کا نام "روائح الغائب فی دفع التردید والریب" رکھا جاتا ہے۔

طالب دعا

رائے ظفر علی

# "جدول اول"

## در فضیلت استشارہ و آداب و کیفیت آں

اپنے مومن بھائیوں سے مشورہ کرنے کی کتب احادیث میں بہت زیادہ تاکید کی گئی ہے۔ اللہ سبحانہ تعالیٰ نے دنیا کی عظیم ترین ہستی، عقل کل ختم الرسل صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کو بھی بندگان خدا سے مشورہ کرنے کو فرمایا ہے **وشاورھم فی الامر** یعنی خداوند متعال اپنے بندوں پر مشورہ کی اہمیت واضح فرما رہا ہے کہ وہ ہستی جو عقل کل ہے آپ جیسے گنہگاروں سے جسے مشورے کی چنداں ضرورت نہیں، جو بولتا ہی وہ ہو جو میں کہتا ہوں، جو کرتا ہی وہ ہو جو میں کہتا ہوں، میں اسے بھی حکم دے رہا ہوں کہ آنے والے حالات و واقعات میں میرے بندوں سے مشورہ کر لیا کرو۔ اور ہمارا اپنے امور میں دوستوں سے مشورہ نہ کرنا دو چیزوں سے خالی نہیں۔ یا تو ہم اللہ تعالیٰ کے حکم کی صریحا" نافرمانی کر رہے ہیں۔ یا اپنے ہاتھوں کو عمدا" ہلاکت میں ڈال رہے ہیں۔ اور جن امور کو مشورے سے طے نہیں کیا جاتا تجربے کی بات ہے کہ ان کا انجام کبھی بھی خیر پر نہیں ہوتا۔ لہذا ہمیں کبھی بھی دوستوں سے مشورہ کرنے سے اجتناب نہیں کرنا چاہیے۔

مشورہ کی اہمیت و فضیلت کو اکثر جگہ قرآن مجید اور احادیث میں یوں بیان کیا گیا ہے۔ اللہ تعالیٰ نے مومنین کرام کی تعریف فرمائی ہے **والذین استجابوالربھم واقاموا الصلوۃ وامرھم شوری بینھم و مما رزقنھم ینفقون** مومنین وہی ہیں جو اللہ کے حکم کو بجا لاتے ہیں۔ نماز قائم کرتے ہیں اور اپنے

امور کو باہم مشورہ سے طے کرتے ہیں اور اللہ کے رزق کو اس کی راہ میں خرچ کرتے ہیں اور اسی طرح پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے بھی مشورہ کی اہمیت بیان فرمائی ہے۔ آپؐ فرماتے ہیں کہ **کسے کہ در کارھا بامردم مشورت نماید پشیمان نمیشود** جو کوئی بھی اپنے امور میں اپنے دوستوں سے مشورہ کرتا ہے وہ کبھی بھی پشیمان و نادم نہیں ہوتا۔

امیرالمومنین حضرت علی علیہ السلام فرماتے ہیں **نفس خود را بخطر میاندازد کسیکہ مستغنی میشود برائے خود ازرای دیگران** اس نے اپنی جان کو خطرے میں ڈال دیا جو دوسروں کی رائے اور مشورہ سے بے نیاز ہو گیا۔

حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام فرماتے ہیں کہ چار افراد کے علاوہ کسی سے مشورہ نہ کریں (۱) جس سے مشورہ کریں وہ عاقل ہو' کیونکہ غیرعاقل کا مشورہ کسی کام کا نہیں ہوتا۔ (۲) آزاد ہو' دین دار ہو' صالح ہو اور آپ کا خیرخواہ ہو' آپ سے کچھ چھپاتا نہ ہو۔ (۳) آپ کا مومن بھائی ہو۔ (۴) چوتھا وہ شخص جس سے آپ مشورہ کرنا چاہیں اس کی صفت یہ ہو کر وہ آپ کا رازدان ہو' جس پر آپ اپنا راز عیاں کر رہے ہوں اس پر اعتماد ہو کہ وہ آپ کا راز کسی اور پر افشاء نہیں کرے گا۔ امام ششم علیہ السلام کے فرمان کو ذہن میں رکھتے ہوئے مشورہ کریں انشاء اللہ کبھی بھی شرمندگی اٹھانا نہیں پڑھے گی اور کامیابی قدم چومے گی۔

حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام مشورہ کی اہمیت کے لئے مزید فرماتے ہیں کہ **ہیچ معاونی بهتر از مشورت کردن وہیچ عقلے بهتر از تدبیر نمی باشد** مشورہ سے بہتر کوئی معاون اور مددگار نہیں ہے اور تدبیر سے بہتر کوئی عقل نہیں ہے۔

# "جدول دوم"

# فضیلت استخارہ و آداب کیفیت آں

استخارہ کا اصلی مقصد طلب خیر کرنا ہے اور استخار کا صرف عام افراد کو ہی حکم نہیں بلکہ خداوند تعالیٰ نے ان ہستیوں سے بھی کہ جو **ماتشاون الا ان یشاء اللہ** جو چاہتے ہی وہی ہیں جو اللہ چاہتا ہے۔ کی مصداق ہیں ان سے بھی تمام امور میں استخارہ کا تقاضا کیا ہے۔ حضرت جعفر صادق علیہ السلام فرماتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا کہ **از جملہ شقاوت بندہ من انست کہ کارھا کند و از من طلب خیر خود ننماید** میرے بندے کی بدبختی یہ ہے کہ وہ کام تو کرے مگر مجھ سے طلب خیر نہ کرے۔

دوسری جگہ حضرت صادق آل محمد علیہ السلام فرماتے ہیں کہ **ہر کہ بدون استخارہ داخل شود و ببلائی مبتلا گردد خدا دران اورا اجری بدہد** جو کسی بھی امر کو بغیر استخارہ کے انجام دے گا اور وہ کسی مصیبت و بلا میں گرفتار ہو جائے تو یہی سمجھے کہ اللہ نے اسے اس کا اجر دیا ہے۔

حضرت صادق آل محمد علیہ السلام نے فرمایا کہ **دشمن ترین خلق نزد خدا کسی است کہ خدارا متہم دارد راوی عرض کرد کہ کسے ہست کہ خدا را متہم دارد فرمود بلی کیسکہ طلب خیر از خدا ننماید و بعدازاں امریکہ واقع شود باں راضی نباشد پس خدارا در خیرخواہی خود یا دانستن خیر اومتہم داشتہ** مخلوق خدا میں سے خدا کا سب سے بڑا دشمن وہ ہے جو خدا کو متہم قرار

دیتا ہے۔ راوی نے عرض کیا مولا وہ کون ہو گا جو خدا کو الزام دے گا؟ فرمایا ہاں ہے کہ جو اللہ تعالیٰ سے طلب خیر نہیں کرتا اور بعد میں جو بھی امر واقع ہوتا ہے اس سے راضی نہیں ہوتا' پس اپنی خیرخواہی میں کسی نہ کسی طرح خدا کو مورد الزام ٹھہراتا ہے۔ معصوم فرماتے ہیں کہ ہر کام کا انجام دو طرح سے ہوتا ہے یا خیر پر یا شر پر۔ مگر لوگوں کو چاہیے کہ اللہ تعالیٰ سے طلب خیر کرتے رہیں۔

حضرت امام محمد باقر علیہ السلام فرماتے ہیں کہ ہم معصومین جب استخارہ کرتے ہیں تو قرآنی آیات کو پڑھتے ہیں۔ امام ششم علیہ السلام فرماتے ہیں کہ جو کوئی کسی کام کا ارادہ رکھتا ہو تو وہ کسی نہ کسی سے مشورہ ضرور کرے۔ اور فرمایا خداوند تعالیٰ سے بھی مشورہ کرنا چاہیے۔ پوچھا گیا خدا سے کیسے مشورہ کیا جا سکتا ہے؟ فرمایا کہ سو مرتبہ کہیں "استخیر اللہ" پس لوگوں سے بھی مشورہ کرنا چاہیے تاکہ اللہ تعالیٰ اس کی خیر و بھلائی کو لوگوں کی زبان پر جاری کر دے۔

********************************

********************************

# "جدول سوم"

# در آداب استخارہ و استشارہ و خوب و بد ساعات

***************************

## استخارہ کے آداب و شرائط کی معرفت

سب سے پہلی بات تو یہ ہے کہ استخارہ کو اللہ کے واجبات و منہیات میں نہ کریں۔ استخارہ کو مباحات کے لئے کرنا چاہیے اور مستحبات کی طرف متوجہ ہونے کے لئے کریں تاکہ مستحب کام مستحب میں باہم جمع نہ ہو سکے۔ جیسے کہ زیارات اور کسی سے ملاقات وغیرہ۔

استخارہ کے دوران باتیں نہ کریں۔ امام رضا علیہ السلام فرماتے ہیں کہ استخارہ کرتے وقت ہمہ تن خدا کی طرف متوجہ ہونا چاہیے اور ہاتھ میں عقیق کی انگوٹھی ہونی چاہیے کہ جس پر محمدؐ و علیؑ کے نام کندہ ہوں۔ اللہ کی تعظیم و تحمید کے بعد "استخیراللہ" کہیں۔ اگر آسان کام ہو تو سات بار کہیں اور اگر کام دشوار و مشکل ہو تو "استخیراللہ" کو سو بار کہیں۔ صبح کی نماز کی طرح دو رکعت نماز استخارہ بجالائیں۔ سلام کے بعد خدا کی حمد و ثناء بجالائیں اور محمد و آل محمد علیہم السلام پر درود صلوٰۃ پڑھیں اور یہ دعا پڑھیں۔ صحیفہ کاملہ کی چونتسویں دعا۔

***************************

# ساعات نیک وبد برائے استخارہ

**اتوار :** نماز ظہر تک نیک ہے ' ظہر سے عصر تک بد ہے اور عصر سے مغرب تک نیک ہے۔

*******************************

**سوموار :** طلوع آفتاب تک نیک ہے' طلوع آفتاب سے چاشت تک بد ہے' چاشت سے ظہر تک نیک ہے' ظہر سے عصر تک بد ہے اور عصر سے سورج غروب ہونے تک نیک ہے۔

*******************************

**منگل :** صبح سے چاشت تک بد ہے' چاشت سے ظہر تک نیک ہے' ظہر سے عصر تک بد ہے' عصر سے شام تک نیک ہے۔

*******************************

**بدھ :** ظہر تک نیک ' عصر تک بد' عشاء تک نیک ہے۔

*******************************

**جمعرات :** طلوع آفتاب تک نیک' ظہر تک بد اور عشاء تک نیک ہے۔

*******************************

**جمعہ :** طلوع آفتاب تک نیک' زوال آفتاب تک بد' عصر تک نیک' مغرب تک بد اور پھر سوتے وقت تک نیک ہے۔

*******************************

ہفتہ : چاشت تک نیک' زوال آفتاب تک بد' عصر تک نیک اور پھر شام تک بد ہے۔

*******************************

## در معرفت ادعیہ ماثورہ در مطلق استخارہ

استخارہ کرنے کے لئے بہت سی دعائیں موجود ہیں لیکن ان تمام دعاؤں میں سے افضل و اہم دعا صحیفہ کاملہ کی چونتیسویں دعا ہے۔ جو کہ سب سے پہلے صفحہ پر تحریر کی جا چکی ہے اور بیشتر دعائیں حضرت امام رضا علیہ السلام سے مروی ہیں اور امام رضا علیہ السلام نے حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے روایت کی ہے کہ جو بھی حق تعالیٰ سے دعا کرے گا وہ کام کے انجام میں کبھی بھی نقصان نہیں دیکھے گا اور وہ دعا یہ ہے کہ جس سے انسان کا زیاں نہ ہو گا۔

اَللّٰهُمَّ اِنَّ خِيَرَتَكَ تُنِيلُ الرَّغَائِبَ وَ تُجزِلُ الْمَوَاهِبَ وَ تُطِيبُ الْمَكَاسِبَ وَتُغْنِمُ الْمَطَالِبَ وَتَهْدِىْ اِلٰى اَحْمَدِ الْعَوَاقِبِ وَ تَقِىْ مِنْ مَحْذُوْرِ النَّوَائِبِ اَللّٰهُمَّ اِنِّىْ اَسْتَخِيْرُكَ فِيْمَا عَقَدَ عَلَيْهِ رَاْيِىْ وَقَادَنِىْ اِلَيْهِ هَوَاىَ فَاَسْئَلُكَ يَارَبِّ اَنْ تُسَهِّلَ لِىْ مِنْ ذٰلِكَ مَاتَعَسَّرَ وَاَنْ تَجْعَلَ مِنْ ذَالِكَ مَاتَيَسَّرَ وَاَنْ تُعْطِيَنِىْ يَارَبِّ الظَّفَرَ فِيْمَا اَسْتَخِيْرُكَ فِيْهِ وَ عَوْنًا بِالْاِنْعَامِ فِيْمَا دَعَوْتُكَ وَاَنْ تَجْعَلَ يَارَبِّ بُعْدَهُ قُرْبًا وَخَوْفَهُ اَمْنًا وَ مَحْذُوْرَهُ سِلْمًا فَاِنَّكَ تَعْلَمُ وَلَا اَعْلَمُ وَتَقْدِرُ وَلَا اَقْدِرُ وَاَنْتَ عَلَّامُ الْغُيُوْبِ اَللّٰهُمَّ اِنْ يَكُنْ هٰذَا الْاَمْرُ خَيْرًا لِىْ عَاجِلِ الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ فَسَهِّلْهُ لِىْ وَيَسِّرْهُ عَلَىَّ وَاِنْ لَمْ يَكُنْ فَاَعْرِفْهُ عَنِّىْ وَاقْدِرْ لِىْ فِيْهِ الْخِيَرَةَ اِنَّكَ عَلٰى كُلِّ شَيْئٍ قَدِيْرٌ۔ تم الدعا المروی عن الرضا علیہ السلام

# "جدول چہارم"

## درمعرفت انواع استخارہ اس کی پانچ قسمیں ہیں

* * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * *

## استخارہ کرنے کا پہلا طریقہ

سید ابن طاؤس رضی اللہ تعالی عنہ شیخ ابوالفتح جو کہ شیعہ محدثین میں سے ہیں سے روایت کرتے ہیں کہ جب بھی کسی امر کا ارادہ کرو تو کاغذ کے دو ٹکڑے لے لو۔ ایک پر "افعل" اور دوسرے پر "لاتفعل" لکھیں اور ان دونوں ٹکڑوں کو آنکھوں سے اوجھل کر دیں۔ بعدازاں دو رکعت نماز استخارہ پڑھیں اور حضرت عالم الخفیات سے اپنے لئے دعا کریں۔ پھر ان دونوں رقعوں میں سے ایک رقعہ نکال لیں اگر اس پر "افعل" لکھا ہو تو کام بجالائیں اور "لاتفعل" لکھا ہو تو کام کرنے سے اجتناب کریں۔

* * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * *

## استخارہ کرنے کا دوسرا طریقہ

سید ابن طاؤسؒ حضرت امام باقر علیہ السلام اور حضرت جعفر صادق علیہ السلام سے روایت کرتے ہیں کہ جو کوئی استخارہ مساھمہ کرنا چاہتا ہو تو اسے

چاہیے کہ کاغذ کے تین ٹکڑے لے اور ان پر درج ذیل دعا تحریر کرے اَللّٰھُمَّ فَاطِرَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ عَالِمَ الْغَیْبِ وَالشَّھَادَۃِ اَنْتَ تَحْکُمُ بَیْنَ عِبَادِکَ فِیْمَا کَانُوْا فِیْہِ یَخْتَلِفُوْنَ اَسْئَلُکَ بِحَقِّ مُحَمَّدٍ وَّ اٰلِ مُحَمَّدٍ اَنْ تُصَلِّیَ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ اَنْ تُخْرِجَ لِیْ خَیْرَ السَّھْمَیْنِ خِیَرَۃً فِیْ دِیْنِیْ وَ دُنْیَایَ وَعَاقِبَۃِ اَمْرِیْ وَعَاجِلِہٖ وَاٰجِلِہٖ اِنَّکَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ مَاشَاءَ اللّٰہُ لَاقُوَّۃَ اِلَّابِاللّٰہِ وَصَلَّی اللّٰہُ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاٰلِہٖ اس دعا کے بعد اپنا مدعا رقعہ پر تحریر کرے ان تینوں رقعوں میں سے ایک پر کام کے کرنے اور دوسرے پر نہ کرنے کا تحریر کریں اور تیسرے رقعہ پر غفل لکھیں۔ ان تینوں رقعوں کو نظروں سے اوجھل کردیں بعدازاں ان میں سے ایک نکالیں جو رقعہ نکلے اس پر عمل کریں۔

**********************************

## تیسرا طریقہ مروی از حضرت امام موسیٰ کاظمؑ

شیخ طبرسی مکارم اخلاق میں عبدالرحمٰن بن سیابہ سے روایت کرتے ہیں انہوں نے کہا کہ ایک سال میں مکہ گیا تو میرے ساتھ کچھ سامان تجارت تھا۔ وہاں جاکر میرے بعض دوستوں نے مجھے مشورہ دیا کہ اس متاع کو مصر لے جاؤں اور بعض نے کہا نہیں یمن لے جاؤ۔ وہ کہتے ہیں کہ میں حضرت امام موسیٰ کاظم علیہ السلام کی خدمت میں حاضر ہوا جو کہ منیٰ میں تشریف رکھتے تھے اور سارا احوال بیان کیا۔ آپؑ نے فرمایا کہ مصر اور یمن کے درمیان قرعہ ڈالو اور اپنا امر خدا کے سپرد کردو۔ میں نے عرض کیا کہ میری جان آپ پہ قربان کیسے قرعہ ڈالوں؟ آپ نے فرمایا کہ ایک قرعہ پہ یہ دعا لکھو اَللّٰھُمَّ اَنْتَ اللّٰہُ الَّذِیْ لَااِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ عَالِمُ

الْغَیْبِ وَالشَّهَادَةِ اَنْتَ الْعَالِمُ وَاَنَا الْمُتَعَلِّمُ فَانْظُرْ فِی اَیِّ الْاَمْرَیْنِ خَیْراً" لِیْ حَتّٰی تَوَکَّلَ عَلَیْکَ فِیْهِ فَاعْمَلْ بِهٖ اور آگے لکھو مصر انشاء اللہ اور دوسرے رقعہ پر دعا کے بعد الیمن انشاء اللہ اور تیسرے رقعہ پر اس دعا کے بعد لکھو اِجْلِسْ لِمَتَاعٍ وَلَایَبْعَثْ اِلٰی بِلَادٍ مِنْهُمَا یعنی اپنے متاع کے ساتھ بیٹھے رہو اور ان دونوں شہروں میں سے کسی کی طرف نہ جاؤ۔ پس ان تینوں رقعوں کو جمع کر کے مومن بھائی کو دے دیں تا کہ یہ رقعہ جات وہ آپ سے چھپا لے بعدازاں آپ ان رقعوں میں سے ایک رقعہ چن لیں انشاء اللہ وہی رقعہ تیرے ہاتھ آئے گا جس میں تیری بھلائی ہو گی۔ راوی کہتے ہیں کہ میں نے مرتے دم تک جب کوئی مشکل کام اور اہم امر درپیش ہوا اسی استخارہ رقاع پر عمل کرتا رہا۔ اللہ تعالٰی میری مشکلات آسان کرتا رہا۔

*******************************

# چوتھی قسم ذات الرقاع من اعظم الاستخارات

حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام فرماتے ہیں کہ جب کسی کام کے کرنے کا ارادہ کریں تو تین رقعوں پر بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ خِیَرَةٌ مِنَ اللّٰهِ الْعَزِیْزِ الْحَکِیْمِ لِفُلَانِ ابْنِ فُلَانَةَ اِفْعَلْ اور دوسرے تین رقعوں پر فُلَانِ ابْنِ فُلَانَةَ لَاتَفْعَلْ لکھیں اور فلاں ابن فلانہ کی جگہ اپنا اور اپنی والدہ کا نام تحریر کریں پس ان چھ رقعوں کو جائے نماز کے نیچے سجدہ کی جگہ پر رکھیں اور دو رکعت نماز استخارہ پڑھیں۔ نماز سے فارغ ہونے کے بعد سجدہ کریں اور سجدہ کے عالم میں سو مرتبہ اَللّٰهُمَّ خِرْلِیْ وَ اخْتَرْلِیْ فِیْ جَمِیْعِ اُمُوْرِیْ فِیْ یُسْرٍ مِنْکَ عَافِیَتِهٖ اس کے

بعد ہاتھ ڈال کر ایک ایک کر کے رقعہ نکالیں اگر پے در پے تینوں رقعے "اِفْعَلْ" والے نکلیں تو کام کو بجالائیں اور اگر تینوں "لَاتَفْعَلْ" والے پے در پے نکلیں تو کام نہ کریں اور اگر بعض "اِفْعَلْ" اور بعض "لَاتَفْعَلْ" کے نکلیں تو پانچ رقعے نکالیں اگر زیادہ "اِفْعَلْ" کے ہوں تو کام کرلیں اور اگر زیادہ "لَاتَفْعَلْ" کے ہوں تو کام نہ کریں۔ اس طرح چھٹا رقعہ نکالنے کی چنداں ضرورت نہیں رہتی۔

*******************************

# "جدول پنجم"

## در معرفت استخارہ حبوب و بنادق و قلب

### اس کی آٹھ قسمیں ہیں

**پہلی قسم :** بخط شہید رحمتہ اللہ علیہ مرفوعا" الی دانیال

جب آپ میں سے کوئی ایک یہ جاننا چاہے کہ اس کی مراد پوری ہو گی یا نہیں تو اسے چاہیے کہ مٹھی بھر دانے لے کر ان کو آٹھ پر تقسیم کرے۔ اگر ان دانوں میں سے ایک بچا ہے تو مثل ستارہ زہرہ ہے۔ پس حاجت پوری ہو گی اور اگر دو بچیں تو وہ مریخ کے لئے ہیں۔ پس حاجت پوری نہ ہو گی۔ اور اگر تین بچیں تو وہ مشتری کے لئے ہیں۔ حاجت پوری نہ ہو گی۔ اور اگر چار بچیں تو وہ زحل کے لئے ہیں کام ہو جائے گا۔ اور اگر پانچ بچیں تو وہ شمس کے لئے ہیں کام جلدی ہو گا۔ اور اگر چھ بچیں تو وہ قمر کے لئے ہیں انشاء اللہ کام ہو جائے گا۔ اگر سات بچیں تو وہ عطارد کے لئے ہیں کام ہو جائے گا مگر مشکلات پیش آئیں گی۔ اور آٹھ بچیں تو اس کام کے لئے کوشش نہ کریں مقصد حاصل نہیں ہو گا۔
منقول عن خط شہید" مرفوعا" الی دانیال

**دوسری قسم :** استخارہ بندقہ مشہور بمصریہ

اس کی کیفیت کچھ اس طرح ہے کہ دو رقعہ پر لکھیں خِیَرَۃٌ مِّنَ اللّٰہِ وَ رَسُوْلِہٖ فلاں بن فلانہ۔ اور فلاں بن فلانہ کی جگہ اپنا اور اپنی والدہ کا نام تحریر

کریں۔ ایک رقعہ پر "اِفعَلْ" اور دوسرے پر "لَاتَفْعَلْ" لکھیں۔ ان دونوں رقعوں میں گیلی مٹی کی دو گولیاں بنا کر ڈال دیں پھر ان دونوں کو اس برتن میں رکھ دیں جس میں وضو کے لئے پانی رکھا ہو۔ پس وضو کرکے دو رکعت نماز پڑھیں نماز سے فارغ ہو چکیں تو درج ذیل دعا پڑھیں۔

**اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْتَخِیْرُکَ خِیَارَ مَنْ فَوَّضَ اِلَیْکَ اَمْرَہٗ وَاَسْلَمَ اِلَیْکَ نَفْسَہٗ وَتَوَکَّلَ عَلَیْکَ فِیْ اَمْرِہٖ وَاسْتَسْلَمَ لَکَ فِیْمَا تَرَکَ بِہٖ مِنْ اَمْرِہٖ اَللّٰھُمَّ خِرْلِیْ وَلَا تَخِرْ عَلَیَّ وَاعِنِّیْ وَلَا تَعِنْ عَلَیَّ وَمَکِّنِّیْ وَلَا تُمَکِّنْ مِنِّیْ وَاھْدِنِیْ لِلْخَیْرِ وَلَا تُضِلَّنِیْ وَارْضِنِیْ بِقَضَائِکَ وَبَارِکْ لِیْ فِیْ قَدْرِکَ اِنَّکَ تَفْعَلُ مَاتَشَاءُ وَتُعْطِیْ مَا تُرِیْدُ اَللّٰھُمَّ اِنْ کَانَتِ الْخِیْرَۃُ فِیْ اَمْرِیْ ھٰذَا وَھُوَکَذَا وَکَذَا فَمَکِّنِّیْ فِیْہِ وَاقْدِرْنِیْ عَلَیْہِ وَاَمِرْنِیْ بِفِعْلِہٖ وَاَوْضِحْ لِیْ طَرِیْقَ الْھِدَایَۃِ اِلَیْہِ وَاِنْ کَانَ اَللّٰھُمَّ غَیْرُ ذٰلِکَ فَاصْرِفْہُ عَنِّیْ اِلَی الَّذِیْ ھُوَخَیْرٌلِّیْ مِنْہُ فَاِنَّکَ تَقْدِرُ وَلَا اَقْدِرُ وَتَعْلَمُ لَا اَعْلَمُ وَاَنْتَ عَلَّامُ الْغُیُوْبِ یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ ○**

بعدازاں سجدہ میں سر رکھ کر سو مرتبہ **استخیر اللہ برحمتہ خیرۃ فی عافیتہ** پڑھیں۔ سجدے سے سر اٹھا کر رقعوں کے آب سطح پر آنے کا انتظار کریں جو رقعہ پہلے پانی کی سطح پر اوپر آئے اس پر عمل کریں۔ "افعل" والا رقعہ ہو تو کام کرلیں۔ "لاتفعل" والا ہو تو نہ کریں۔

## تیسری قسم : من کشکول البھائی علیہ الرحمتہ

جب آپ کسی شہر، گاؤں، قصبہ یا محلّہ میں سکونت اختیار کرنا چاہیں تو اپنے، اپنی والدہ، شہر، گاؤں یا محلّہ کے اسماء کے اعداد نکال کر جمع کرکے چار پر تقسیم کریں۔ اگر ایک باقی بچے تو پرہیز کریں۔ دو بچیں تو حالات درمیانہ درجہ کے

رہیں گے۔ تین بچیں تو رزق حلال کے دروازے آپ پر کھل جائیں گے۔ اور آپ کا نفس مطمئن رہے گا۔ اور اگر چار بچیں تو آپ کو اس جگہ پر سعادت نصیب ہو گی۔

اور اسی طرح اگر آپ یہ دیکھنا چاہیں کہ دو مرد اور عورت اکٹھے رہ سکتے ہیں یا نہیں تو ان دونوں کے ناموں کے اعداد جمع کر کے پانچ پر تقسیم کریں۔ اگر ایک، تین اور پانچ باقی بچیں تو دونوں اکٹھے رہ سکتے ہیں۔ اگر دو اور چار باقی بچیں تو ان کا اکٹھا رہنا مشکل ہے۔

## چوتھی قسم : مروی از آئمہ علیہم السلام

حضرات آئمہ علیہم السلام سے مروی ہے کہ استخارہ کا ارادہ کرنے والے کو چاہیے کہ اپنے کام کا اپنے دل میں قصد کرے اور ایک رقعہ پر "نعم" اور دوسرے پر "لا" لکھ کر اپنے دامن کے نیچے چھپا لے۔ اس کے بعد دو رکعت نماز بجالائے۔ نماز کے بعد اس دعا کو پڑھے **اَللّٰھُمَّ اِنِّی اُشَاوِرُکَ فِیْ اَمْرِیْ ھٰذَا وَاَنْتَ خَیْرُ مُسْتَشَارٍ وَ مُشِیْرٍ فَاَشِرْ عَلَیَّ بِمَا فِیْہِ صَلَاحٌ حَسَنُ عَاقِبَتِہٖ** اس دعا کے بعد ان دونوں رقعوں میں سے ایک کو کھولے جو اس پر لکھا ہو اس پر عمل کرے۔ "لَا" لکھا ہو تو کام نہ کرے۔ "نَعَمْ" لکھا ہے تو کام کو انجام دے۔

## پانچویں قسم : مروی از ائمہ علیہم السلام

دو مجتہد حضرات آئمہ معصومین علیہم السلام سے روایت کرتے ہیں کہ اگر کوئی انسان استخارہ نہیں کرتا سکتا اور کام کرنے کا ارادہ رکھتا ہے مگر متذبذب ہے اسے چاہیے کہ ستر ۷۰ مرتبہ اس دعا کو پڑھے **یَا اَبْصَرَ النَّاظِرِیْنَ یَا اَسْمَعَ السَّامِعِیْنَ**

وَ یَا اَسْرَعَ الْحَاسِبِیْنَ وَ یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ وَ یَا اَحْکَمَ الْحَاکِمِیْنَ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ اَهْلِ بَیْتِهٖ وَ خِرْلِیْ فِیْ کَذَا وَ کَذَا کذا کذا کی جگہ اپنے دل میں جو کچھ مطلب و مقصد ہو بیان کرے اس کے بعد جس بات کی دل گواہی دے وہ کر گزرے۔ دل نہیں مانتا تو نہ کرے۔ دل مطمئن ہے تو کام انجام دے۔ ذکرہ الطوسی فی مصداق۔ والسلام

## چھٹی قسم : مروی از حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام

سند معتبر سے روایت ہے کہ اسحٰق ابن عماد حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام کی خدمت اقدس میں حاضر ہوئے اور کہا کہ مولا میں نے اپنے کام کے بارے کئی افراد سے مشورہ کیا مگر کسی حتمی نتیجہ پر نہ پہنچ سکا کیونکہ بعض نے کام کرنے سے منع کیا ہے اور بعض نے کام بجالانے کا مشورہ دیا ہے۔ اب آپ فرمائیے میں کیا کروں۔ آپ نے فرمایا جب ایسے حالات ہوں تو فوراً دو رکعت نماز بجا لائیں اور سو مرتبہ اَسْتَخِیْرُ اللّٰهَ بِرَحْمَتِهٖ خِیَرَةً فِیْ عَافِیَتِهٖ پڑھیں اس کے بعد دل مطمئن ہے تو کام کر گزریں اللہ تعالٰی مدد فرمائے گا اور اگر مطمئن نہیں تو کام کرنے سے اجتناب کریں۔

## ساتویں قسم : مروی از حضرت علی رضا علیہ السلام

حضرت کلینی شیخ طوسی اور شیخ طبری رضوان اللہ علیہم سے روایت کرتے ہیں کہ حضرت امام علی رضا علیہ السلام نے علی بن اسباط کو تعلیم دیتے ہوئے فرمایا کہ جب بھی تو کسی کام میں متذبذب ہو تو دو رکعت نماز حاجت بجا لا۔ پھر سو مرتبہ اَسْتَخِیْرُ اللّٰهَ بِرَحْمَتِهٖ خِیَرَةً فِیْ عَافِیَتِهٖ کا ورد کر۔ بعدازاں دل مطمئن ہے تو کام کرنے میں کوئی حرج نہیں اور خدا پر توکل کریں اور اگر دل نہیں مانتا تو

اجتناب بہتر ہے۔

## آٹھویں قسم : مروی از حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام

عیون امام رضا علیہ السلام میں روایت ہے کہ حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا کہ جب آپ استخارہ کرنا چاہیں تو کسی بھی نماز فریضہ کے بعد سجدہ میں جا کر سو مرتبہ اَللّٰھُمَّ خِرْلِیْ کہیں اور رسول اکرم صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم اور آئمہ معصومین علیہم السلام کو دعا کی قبولیت کے لئے وسیلہ قرار دیں اور ان پر صلوات پڑھیں۔ ان کو اپنا شفیع قراردیں۔ بعدازاں دل مطمئن ہے تو کام بجا لائیں ورنہ پرہیز کریں۔ اسے اللہ کی طرف سے الہام سمجھیں کہ یہ امر خدا کی جانب سے ہے۔ والسلام علی من اتبع الھدیٰ

* * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * *

# حروف تہجی کے مطابق قرآن مجید سے فال نکالنے کا طریقہ

قرآن مجید کو کہیں سے بھی کھولیں اس کے بعد کے سات ورق الٹیں آخری صفحہ کی ساتویں سطر کے پہلے حرف کو دیکھیں۔ اگر پہلا

- حرف "الف" ہے تو کام کرنے میں بہتری ہے۔
- حرف "ب" ہے تو نعمتوں کے دراز یں کھل جائیں گے۔
- حرف "ت" ہے تو اس کام سے توبہ کریں۔
- حرف "ث" ہے تو دین و دنیا میں نیکی ملے گی۔
- حرف "ج" ہے تو کوشش جاری رکھیں۔
- حرف "ح" ہے تو عزیز و اقرباء سے خوشی نصیب ہو گی۔
- حرف "خ" ہے تو خوف و دہشت سے امان ملے گی۔
- حرف "د" ہے تو اصحاب دولت و حکومت سے بھلائی کی امید رہے گی۔
- حرف "ذ" ہے تو خواری قسمت میں لکھی ہے۔
- حرف "ر" ہے تو اچھائی اور شادمانی مقدر میں لکھی جا چکی ہے۔
- حرف "ز" ہے تو بے شمار مال ملنے کی امید ہے۔
- حرف "س" ہے تو بے حد و حساب سعادت ملے گی۔
- حرف "ش" ہے تو خصومت کا سامنا کرنا ہو گا۔
- حرف "ص" ہے تو صبر و تحمل کا دامن ہاتھ سے نہ چھوڑیں۔

- ○ حرف ''ض'' ہے تو اس کام میں مشکلات پیش آئیں گی۔
- ○ حرف ''ط'' ہے تو زھد و تقویٰ کا دامن تھامے رہو۔
- ○ حرف ''ظ'' ہے تو دشمنوں پر فتح و ظفر نصیب میں ہے۔
- ○ حرف ''ع'' ہے تو پیار و محبت کے سوا کام نہ ہو گا۔
- ○ حرف ''غ'' ہے تو خطرہ سامنے ہے صدقہ دیجئے گا۔
- ○ حرف ''ف'' ہے تو ہر حال میں خوشی نصیب ہو گی۔
- ○ حرف ''ق'' ہے تو عوام الناس میں مقبول ہو نگے۔
- ○ حرف ''ک'' ہے تو خوف و پریشانی سے فی الحال امن نہ ملے گا۔
- ○ حرف ''ل'' ہے تو جلد ہی مراد پوری ہو گی۔
- ○ حرف ''م'' ہے تو ملامت و شرمندگی دامن گیر ہے۔
- ○ حرف ''ن'' ہے تو کام نیک ہے کر گزرو۔
- ○ حرف ''و'' ہے تو اللہ کی نعمتیں نچھاور ہو نگی۔
- ○ حرف ''ھ'' ہے تو خدا آپ پر مہربان ہے اور آپ کا نگہبان ہے۔
- ○ حرف ''ہ'' ہے تو چنداں فکر نہ کریں۔
- ○ حرف ''ی'' ہے تو غیب سے خوشخبری کی نوید سنائی دے گی۔

*******************************

# "جدول ششم"

## در معرفت استخارہ تسبیح

### اس کی چار قسمیں ہیں

**پہلی قسم : خیرۃ القائم عجل اللہ فرجہ**

سورہ حمد و سورہ انا انزلناہ کی تلاوت کے بعد محمد و آل محمد علیہم السلام پر صلوات پڑھیں اور پھر دعائے ماثور پڑھیں، بعدازاں تسبیح کے کچھ دانے اپنے ہاتھ میں لیں اور ان کو آٹھ پر تقسیم کریں۔ اگر ایک باقی بچے تو نیک ہے۔ دو ہوں تو بد ہے۔ تین ہوں تو درمیانہ ہے۔ چار ہوں تو بد ہے۔ پانچ ہوں تو خوب ہے۔ مگر مشکلات ہوں گی۔ چھ ہوں تو خوب ہے۔ سات ہوں تو ندامت ہو گی۔ آٹھ ہیں تو بد ہے۔ والسلام

**دوسری قسم : مروی از حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام**

حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے مروی ہے کہ استخارہ کرتے وقت سورہ حمد ایک بار اور تین بار سورہ اخلاص اور پندرہ بار صلوات پڑھیں۔ اس کے بعد یہ دعا پڑھیں۔

**اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ بِحَقِّ الْحُسَیْنِ وَجَدِّهٖ وَاَخِیْهِ وَالْاَئِمَّةِ مِنْ ذُرِّیَّتِهٖ اَنْ تُصَلِّیَ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ وَاَنْ تَجْعَلَ الْخِیَرَةَ فِیْ هٰذِهِ السُّبْحَةِ وَاَنْ تُرِیَنِیْ مَا هُوَ الْاَصْلَحُ فِیْ دِیْنِیْ وَدُنْیَایَ وَعَاجِلِ اَمْرِیْ وَاجِلِهٖ فِعْلَ مَا اَنَا عَازِمٌ عَلَیْهِ فَلْیَاْمُرْنِیْ بِهٖ وَاِلَّا فَانْهَنِیْ**

عَنۡہُ اِنَّکَ عَلٰی کُلِّ شَیۡءٍ قَدِیۡرٌ ○

پھر تسبیح کے دانوں کو اپنے ہاتھ میں لیں اور ان کو ایک ایک کر کے شمار کرتے جائیں اور ساتھ ساتھ **سبحان اللہ، والحمدللہ ولاالہ الااللہ** پڑھتے جائیں۔ اگر آخری دانہ **سبحان اللہ** پر ختم ہو تو میانہ ہے اور **الحمدللہ** پر ختم ہو تو کام کی بجا آوری میں بہتری ہے۔ اور اگر **لاالہ الااللہ** پر ختم ہو تو منع کیا گیا ہے کام نہ کریں۔ (منقول من انیس العابدین)

## تیسری قسم : خیرۃ القائم عجل اللہ تعالیٰ فرجہ

یہ بھی شیخ بہائی علیہ الرحمۃ نے فرمایا ہے کہ میں نے مشائخ عظام سے یکے بعد دیگر سنا ہے اور یہ روایت اسی طرح حضرت صاحب الامر عجل اللہ فرجہ الشریف تک پہنچتی ہے کہ انہوں نے فرمایا کہ تسبیح کے دانوں کو اپنے ہاتھ میں لو۔ صلوات پڑھتے جاؤ اور دو دو کر کے شمار کرو اگر آخر میں دو باقی بچیں تو بد ہے۔ اور اگر ایک بچے تو بہتر ہے۔ کام کر لینے میں کوئی حرج نہیں۔ والسلام علی من اتبع الھدیٰ

## چوتھی قسم : خیرۃ القائم عجل اللہ فرجہ الشریف

یہ بھی شیخ بہائی علیہ الرحمۃ سے روایت ہے کہ حضرت صاحب الامر عجل اللہ فرجہ الشریف نے فرمایا کہ جو استخارہ کرنا چاہے اسے چاہیے کہ وہ سب سے پہلے سورۃ الحمد کو مستقیم تک پڑھے۔ اس کے بعد دس مرتبہ صلوات پڑھے اور یہ کہے **یَا مَنۡ یَعۡلَمُ اِھۡدِ مَنۡ لَا یَعۡلَمُ** اس کے بعد دائیں اور بائیں ہاتھ میں تسبیح کو لے کر کچھ دانوں کو علیحدہ پکڑے۔ پھر ان کو دو دو کر کے شمار کرے اگر دو بچیں

تو بد ہے کام نہ کریں۔ اور اگر ایک بجے تو بہتر ہے کام کو بجا لائیں۔

* * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * *

# "جدول ہفتم"

## در معرفت استخارہ بمصحف

### اس کی چار قسمیں ہیں

**پہلی قسم :** منقول از کفعمی علیہ الرحمۃ

کتاب خدا سے فال نکالنے کے لئے تین مرتبہ سورہ اخلاص اور تین مرتبہ صلوات پڑھیں اور کہیں **اَللّٰھُمَّ اِنِّیۡ تَفَأَلْتُ بِکِتَابِکَ وَ تَوَکَّلْتُ عَلَیکَ فَاَرِنِیۡ مِنۡ کِتَابِکَ مَا ھُوَالْمَکْتُوْم مِنۡ سِرِّکَ الْمَکْنُوْنِ فِی غَیْبِکَ** بعدازاں قرآن مجید کو کھولیں۔ دائیں طرف کے صفحہ کی پہلی سطر کے مطابق عمل کریں۔ یہ طریقہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے مروی ہے۔ اور طرق عامہ میں سے ہے۔ والسلام علی من اتبع الھدیٰ ونہی عن النفس عن الھویٰ۔

**دوسری قسم :** استخارہ مصحف منقول از ابن طاؤس

ابن طاؤس روایت کرتے ہیں کہ جو کوئی قرآن مجید سے استخارہ کرنا چاہے۔ اسے چاہیے کہ وہ آیت الکرسی کو **وھوالعلی العظیم** تک پڑھے۔ سورۂ انعام آیت نمبر ۵۹ **عندہ مفاتیح الغیب** سے **مبین** تک پڑھے پھر دس مرتبہ صلوات پڑھے اور کہے۔

**اَللّٰھُمَّ اِنِّیۡ تَوَکَّلْتُ عَلَیْکَ وَتَفَأَلْتُ بِکِتَابِکَ فَاَرِنِیۡ مَاھُوَ مَکْنُوْن مِنۡ سِرِّکَ الْمَخْزُوْنِ فِی غَیْبِکَ بِرَحْمَتِکَ یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیۡنَ اَللّٰھُمَّ اَرِنِی الْحَق حَقًا"**

حَقَّ الْحَقِّ وَ اَرِنِی الْبَاطِلَ بَاطِلًا" حَتّٰی اَجْتَنِبَهُ بِمَا کَرَمِہِ ○

پھر قرآن مجید کو کھولیں اور دائیں طرف کی پہلی آیت کے لفظ ہوں اتنے آگے ورق الٹیں اور آخری ورق الٹنے کے بعد بائیں کے ورق اتنی ہی تعداد کے مطابق سطریں گنیں۔ آخری عدد کے بعد جو سطر ہو اس کی تلاوت کریں اور اس پر عمل کریں انشاء اللہ بہتری ہو گی۔

## تیسری قسم : منقول از علامہ علیہ الرحمۃ

کتاب سعادت میں منقول ہے کہ علامہ علیہ الرحمہ نے روایت کی ہے کہ جو کوئی قرآن مجید سے استخارہ کرنا چاہے تو اسے چاہیے کہ یہ دعا پڑھے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ اَللّٰھُمَّ اِنْ کَانَ فِی قَضَائِکَ وَ قَدَرِکَ اَنْ تَمُنَّ عَلٰی شِیْعَتِہِ اٰلِ مُحَمَّدٍ بِفَرَجِ وَلِیِّکَ وَحُجَّتِکَ عَلٰی خَلْقِکَ فَاَخْرِجْ لَنَا اٰیَةً مِنْ کِتَابِکَ نَسْتَدِلُّ بِهَا عَلٰی ذٰلِکَ ○

اور قرآن مجید کو کھول کر چھ ورق الٹے ساتویں ورق کی ساتویں سطر پر نظر کرے اور آیت کی تلاوت کرے جو کچھ آیت بتائے اس پر عمل کرے۔

## چوتھی قسم : منقول از ابن فہد علیہ الرحمہ

ابن فہد موجز سے ذکر کرتے ہیں کہ خداوند قدوس سے طلب خیر کرنے کے بعد قرآن مجید کو کھولیں اور دائیں طرف کے صفحہ کی پہلی آیت کو دیکھیں اگر آیت رحمت اور امر خیر کی ہو تو خوب ہے اور اگر آیت غضب نہی' شر یا عقوبت کے بارے میں ہو تو کام کے لئے استخارہ بہتر نہیں ہے۔ پرہیز کریں اور اگر آیت میں دونوں صورتیں ہوں تو میانہ ہے۔

# دعائے فرج حضرت صاحب العصر والزمان علیہ السلام

کفعمی نے بلد الامین میں فرمایا ہے کہ یہ دعا حضرت صاحب الامر علیہ السلام نے ایک شخص کو تعلیم دی جو قید میں تھا اور وہ اس کے پڑھنے سے رہا ہوا۔

اِلٰہِی عَظُمَ الْبَلَاءُ وَ بَرِحَ الْخَفَاءُ وَانْکَشَفَ الْغِطَاءُ وَانْقَطَعَ الرَّجَاءُ وَضَاقَتِ الْاَرْضُ وَمُنِعَتِ السَّمَاءُ وَاَنْتَ الْمُسْتَعَانُ وَاِلَیْکَ الْمُشْتَکیٰ وَعَلَیْکَ الْمُعَوَّلُ فِی الشِّدَّۃِ وَالرَّخَاءِ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلیٰ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ اُولِی الْاَمْرِ الَّذِیْنَ فَرَضْتَ عَلَیْنَا طَاعَتَھُمْ وَ عَرَّفْتَنَا بِذٰلِکَ مَنْزِلَتَھُمْ فَفَرِّجْ عَنَّا بِحَقِّھِمْ فَرَجاً عَاجِلاً قَرِیْباً کَلَمْحِ الْبَصَرِ اَوْھُوَ اَقْرَبُ یَا مُحَمَّدُ یَا عَلِیُّ یَا عَلِیُّ یَا مُحَمَّدُ اِکْفِیَانِیْ فَاِنَّکُمَا کَافِیَانِ وَانْصُرَانِیْ فَاِنَّکُمَا نَاصِرَانِ یَا مَوْلَانَا یَاصَاحِبَ الزَّمَانِ اَلْغَوْثَ اَلْغَوْثَ اَلْغَوْثَ۔ اَدْرِکْنِیْ اَدْرِکْنِیْ اَدْرِکْنِیْ اَلسَّاعَۃَ اَلسَّاعَۃَ اَلسَّاعَۃَ اَلْعَجَلَ اَلْعَجَلَ اَلْعَجَلَ یَا اَرْحَمَ الرّٰحِمِیْنَ بِحَقِّ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِہِ الطَّاہِرِیْنَ

ترجمہ : اے پروردگار آزمائشوں کی یورش ہے' رسوائی کا سامان پیدا ہو چکا ہے' پردے ہٹ چکے ہیں' امیدیں ٹوٹ چکی ہیں' آسمان کے دروازے بند ہیں اور بس اب تیرا ہی سہارا ہے اور تم ہی سے فریاد ہے۔ نیز تمام سختیوں اور آسانیوں میں فقط تو ہی پر اعتماد ہے بار الہا محمدؐ و آل محمدؐ پر درود نازل فرما' یہ وہ اولی الامر ہیں جن کی اطاعت تو نے ہم پر فرض کی ہے اور اس کی وجہ سے تو نے ان کی منزلت سے ہمیں آشنا کیا ہے۔ لہٰذا اس کے صدقے میں جلد از جلد پلک جھپکتے میں بلکہ اس سے بھی جلد ہماری مشکلات حل کر دے۔ اے محمدؐ اے علیؑ اے علیؑ اے محمدؐ آپ دونوں ہماری حمایت کریں کیونکہ آپ کی حمایت ہمارے لئے کافی ہے۔ آپ

اے دونوں ہماری مدد فرمائیں، کیونکہ آپ دونوں مددگار ہیں۔ اے ہمارے مولا، اے صاحب الزمانؑ مدد کیجئے، مدد کیجئے، مدد کیجئے، نصرت فرمائیے، نصرت فرمائیے، نصرت فرمائیے، ابھی ابھی جلد تشریف لائیے، جلد تشریف لائیے، جلد تشریف لائیے، اے سب کے بڑے رحم کرنے والے واسطہ محمدؐ اور اہل بیتؑ اطہار کا۔

شیخ کفعمی نے بلد الامین میں حضرت امام زین العابدین علیہ السلام سے ایک دعا نقل کی ہے اور انہوں نے کہا کہ دعا مقاتل بن سلیمان نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے روایت کی ہے اور ساتھ ہی مقاتل نے یہ بھی کہا کہ اگر کوئی شخص سو دفعہ اس دعا کو پڑھے اور اس کی دعا مستجاب نہ ہو تو وہ مقاتل کو لعنت کرے اور وہ دعا یہ ہے۔

اِلٰہِی کَیْفَ اَدْعُوْکَ وَ اَنَا اَنَا وَ کَیْفَ اَقْطَعُ رَجَائِیْ مِنْکَ وَاَنْتَ اَنْتَ اِلٰہِی اِذَالَمْ اَسْئَلُکَ فَتُعْطِیْنِیْ فَمَنْ ذَالَّذِیْ اَسْئَلُہٗ فَیُعْطِیْنِیْ اِلٰہِی اِذَالَمْ اَدْعُوْکَ فَتَسْتَجِیْبَ لِیْ فَمَنْ ذَالَّذِیْ اَدْعُوْہٗ فَیَسْتَجِیْبُ لِیْ اِلٰہِی اِذَالَمْ اَتَضَرَّعُ اِلَیْکَ فَتَرْحَمُنِیْ فَمَنْ ذَالَّذِیْ اَتَضَرَّعُ اِلَیْہِ فَیَرْحَمُنِیْ اِلٰہِی فَکَمَا فَلَقْتَ الْبَحْرَ لِمُوْسٰی عَلَیْہِ السَّلَامُ وَ نَجَّیْتَہٗ اَسْئَلُکَ اَنْ تُصَلِّیَ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاٰلِہٖ وَاَنْ تُنَجِّیَنِیْ مِمَّا اَنَا فِیْہِ وَ تُفَرِّجَ عَنِّیْ فَرَجاً عَاجِلاً غَیْرَ اٰجِلٍ بِفَضْلِکَ وَرَحْمَتِکَ یَا اَرْحَمَ الرّٰحِمِیْنَ ○

Najafi Cassette Library
Book Section
Bait-ul-Sajjad,
Opp: Nishter Park,
Soldier Bazar, Karachi

## ادارہ منہاج الحسینؑ (رجسٹرڈ) لاہور کی مطبوعات

- ☆ احکام حج
- ☆ اسلام اور نئی منزلیں
- ☆ دین اور سیاست
- ☆ اصول دین
- ☆ نور ولایت
- ☆ بعثت سے ہجرت تک
- ☆ نماز امامیہ
- ☆ استعمار شیعیت کے روپ میں
- ☆ علیؑ کا راستہ
- ☆ قول جلی فی عقد بنت علیؑ
- ☆ جام غدیر
- ☆ حسن کلام
- ☆ نظام مصطفیٰ بزبان مرتضیٰ (زیر طبع)
- ☆ زندگانی امام رضاؑ (زیر طبع)
- ☆ سرمایہ خدیجۃ الکبریٰؑ (زیر طبع)
- ☆ سیرت معصومینؑ (پروردۂ ابوطالبؑ)
- ☆ کتاب الامثلہ
- ☆ مجربات قرآنیہ مع روائح الغائب فی التردید والریب

0.0